Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 جمعرات، 16 مارچ، 2023ء، 23 شعبان المعظم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 295

سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی، درخواست گزار عمران خان کے وکیل خواجہ حارث مصروفیت کی وجہ سے پیش نہ ہو سکے

کرپشن سے تفریق پیدا ہوتی ہے اور معاشرے میں ناانصافی بڑھتی ہے، چیف جسٹس

جسٹس منصور علی شاہ نے حکومتی وکیل سے استفسار کیا کہ کیا فیٹف نے کہا تھا کہ منی لانڈرنگ کے معاملات نیب دیکھے، عدالت عظمیٰ نے کیس کی سماعت کل تک ملتوی کردی

حکومتی وکیل نے مزید بتایا کہ آئندہ ایمنسٹی سکیم کوئی نہیں لے گا کیونکہ بعد میں نیب کارروائی کا آغاز کر دیتا ہے، عمران خان نے اپنی کابینہ کے ممبران کو نیب کے دائرہ اختیار سے نکال دیا تھا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی، درخواست گزار عمران خان کے وکیل خواجہ حارث مصروفیت کی وجہ سے پیش نہ ہو سکے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے سماعت کی، معاون وکیل نے عدالت کو بتایا کہ خواجہ حارث عمران خان کے وارنٹ معطلی کیس کیلئے ہائیکورٹ میں مصروف ہیں، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ہم دوسری جانب سے دلائل سن رہے ہیں۔ وکیل مخدوم علی خان نے عدالت میں اپنے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ عدالت متعدد بار نیب قانون میں شفافیت لانے کا کہہ چکی لیکن عمل نہیں ہوا تھا، جوڈیشل ایکٹوزم سے اسرائیل یا امریکہ جیسے حالات بنتے ہیں، امریکہ میں دو بڑی سیاسی جماعتیں عدالتوں کو کنٹرول کرنے کیلئے لڑ رہی ہیں۔ وکیل مخدوم علی خان نے بتایا کہ موجودہ حکومت نے پی ٹی آئی کی تجویز کردہ ترامیم میں کچھ اضافہ کیا، نیب ترامیم سے نیب اختیارات میں کمی نہیں بلکہ اضافہ کر دیا ہے، عمران خان نے درخواست میں مفروضوں پر مبنی باتیں کیں، تحریک انصاف نے 2019 میں خود ایمنسٹی اسکیم متعارف کرائی تھی۔ حکومتی وکیل نے مزید بتایا کہ آئندہ ایمنسٹی سکیم کوئی نہیں لے گا کیونکہ بعد میں نیب کارروائی کا آغاز کر دیتا ہے، عمران خان نے اپنی کابینہ کے ممبران کو نیب کے دائرہ اختیار سے نکال دیا تھا، فیٹف نے کچھ ایسا نہیں کہا اور درخواست گزار نے اپنی طرف سے یہ باتیں لکھ دیں۔ وکیل مخدوم علی (بقیہ نمبر 1)

ورکرز پیٹرول بم پھینک رہے ہیں خان صاحب کو سمجھائیں

یاسمین راشد کی صدر سے مبینہ گفتگو

یاسمین راشد مبینہ طور پر اعجاز شاہ سے کہہ رہی ہیں کہ عمران خان نے کہا ہے کہ سارے ارکان صوبائی اور قومی اسمبلی بندے لے کے پہنچیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) پی ٹی آئی کی رہنما یاسمین راشد کی صدر عارف علوی سے مبینہ گفتگو منظر عام پر آ گئی۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی آڈیو میں یاسمین راشد صدر عارف علوی سے کہہ رہی ہیں یہاں صورتحال بہت خراب ہے۔ ہمارے ورکرز پیٹرول (بقیہ نمبر 4)

گرفتاری کا دعویٰ محض ڈرامہ، اصل مقصد اغوا اور قتل کرنا ہے، عمران خان

پولیس آپریشن کو 18 گھنٹے گزر چکے ہیں، تین اضلاع کی پولیس آپریشن میں حصہ لے رہی ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) سابق وزیراعظم وچیئرمین تحریک انصاف کا کہنا ہے کہ واضح طور پر گرفتاری کا دعویٰ محض ڈرامہ تھا، ان کا اصل مقصد اغوا اور قتل کرنا ہے۔ سابق وزیراعظم وچیئرمین تحریک انصاف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک ٹویٹ میں کہا (بقیہ نمبر 3)

لاہور کشیدہ صورتحال کے باعث مختلف علاقوں میں تعلیمی ادارے بند

واضح رہے کہ لاہور میں زمان پارک کے باہر پاکستان تحریک انصاف 'پی ٹی آئی' اور پولیس کے درمیان کشیدگی برقرار ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور کی انتظامیہ نے شہر کی کشیدہ صورتحال کو دیکھتے ہوئے آج مختلف علاقوں میں سکول، کالجز بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری (بقیہ نمبر 2)

حکومت بڑا غلط کر رہی ہے، میں تو غلط نہیں کر رہا، گرفتاری کے آرڈر میں نے نہیں دیے، گرفتاری کے آرڈر عدالتوں کی جانب سے جاری ہوئے ہیں، وزیراعظم

میں غلط نہیں کر رہا، عمران کی گرفتاری کا حکم عدالتوں کا ہے، وزیراعظم

ایک سیاسی شخص اپنے آپ کو قانون سے بالاتر سمجھتا ہے، اس وقت وہ اپنی بیماری، بزرگی اور لاچاری کا دن رات واویلا کر رہے ہیں، وہ ریلی میں تو جا سکتے ہیں مگر عدالتوں میں جانا ان کیلئے محال ہے

وزیراعظم نے کہا کہ عمران نیازی کی حکومت اور حواریوں نے جعلی کیسز بنائے تھے، کبھی کسی نے یہ نہیں کہا کہ میں نہیں آ سکتا یا میں بیمار ہوں، رانا ثنا اللہ پر جعلی بے بنیاد کیس بنایا گیا، رانا ثنا اللہ کو گھر کا کھانا نہیں ملتا تھا

تحائف بیچ ڈالے یہ ہے اصل جرم، سب سے متبرک تحفہ جس پر خانہ کعبہ کا ماڈل تھا وہ ان کو ملا اور اس کو بیچ دیا اور قوم کے آگے جھوٹ بولا، بہت چبھتے ہوئے سوالات ہیں جن کا جواب پوری قوم کو چاہیے، عدل کا ترازو برابر ہوتا ہے

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا ہے کہ آج جو کہہ رہے ہیں کہ حکومت بڑا غلط کر رہی ہے، میں تو غلط نہیں کر رہا، گرفتاری کے آرڈر میں نے نہیں دیے، گرفتاری کے آرڈر عدالتوں کی جانب سے جاری ہوئے ہیں۔ کونسل آف پاکستان نیوز پیپرز ایڈیٹرز (سی پی این ای) کے وفد سے گفتگو میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایک سیاسی شخص اپنے آپ کو قانون سے بالاتر سمجھتا ہے، اس وقت وہ اپنی بیماری، بزرگی اور لاچاری کا دن رات واویلا کر رہے ہیں، وہ ریلی میں تو جا سکتے ہیں (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: عمران خان خود کو قانون سے بالاتر سمجھتا ہے، وزیراعظم

اسلام آباد: کرپشن سے تفریق پیدا ہوتی اور معاشرے میں ناانصافی بڑھتی ہے: چیف جسٹس

عمران خان کے خلاف مزید 2 مقدمات درج کر لیے گئے

چیئرمین پی ٹی آئی کی ممکنہ گرفتاری اور پولیس اہلکاروں کے خلاف احتجاج پر مقدمہ درج کیا گیا،

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کی ممکنہ گرفتاری اور پولیس اہلکاروں کے خلاف احتجاج پر عمران خان سمیت پی ٹی آئی کے دیگر رہنماؤں کے خلاف 2 مقدمات درج کر لیے گئے پی ٹی آئی رہنماؤں، کارکنوں پر عمران خان کی ممکنہ گرفتاری پر احتجاج اور (بقیہ نمبر10)

عمران نیازی عدالتی فیصلوں اور قانون کا احترام کریں، چیئرمین قومی وطن پارٹی

پشاور (نیوز رپورٹر) قومی وطن پارٹی کے چیئرمین آفتاب احمد خان شیرپاؤ نے کہا ہے کہ عمران نیازی عدالتی فیصلوں اور قانون کا احترام کرنے کی بجائے جلاؤ گھیراؤ اور تصادم کو ہوا دے رہا (بقیہ نمبر 9)

جمہوریت کا استحکام اور قانون کی حکمرانی ضروری ہے، پرویز اشرف

مضبوط اور خوشحال پاکستان

شہید ذوالفقار علی بھٹو کو جتنا بھی خراج عقیدت پیش کیا جائے کم جن کی قیادت میں 1973 کے آئین کا مسودہ تیار کیا گیا، اسپیکر قومی اسمبلی

گولڈن جوبلی کی تقریب کا دن جمہوریت کے استحکام اور قومی ہم آہنگی کو یقینی بنانے میں سینیٹ کے 50 سالہ کردار کی نشاندہی کرتا ہے

اسلام آباد (شاف رپورٹر) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ سینیٹ کی گولڈن جوبلی کی تقریب کا دن جمہوریت کے استحکام اور قومی ہم آہنگی کو یقینی بنانے میں سینیٹ کے 50 سالہ کردار کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج اسلام آباد میں سینیٹ آف پاکستان کی (بقیہ نمبر 6)

لاہور ہائیکورٹ کا کل صبح 10 بجے تک زمان پارک پولیس آپریشن فوری روکنے کا حکم

ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ عمران خان معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت ہے، یہ درخواست لاہور ہائیکورٹ میں قابل سماعت نہیں ہے

عمران خان کے وکیل نے کہا کہ میں عمران خان کا دفاع نہیں کر رہا لیکن جو زمان پارک کے باہر ہو رہا ہے وہ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور ہائیکورٹ نے کل صبح دس بجے تک عمران خان کی گرفتاری کیلئے زمان پارک میں پولیس آپریشن فوری طور پر روکنے کا حکم دے دیا۔ ہائیکورٹ میں زمان پارک میں پولیس آپریشن روکنے کے لیے فواد چوہدری کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب (بقیہ نمبر 11)

عمران خان سمجھتے ہیں کہ ان پر ملک کا کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا، بلاول بھٹو

عمران خان نے بار بار قانون کی خلاف ورزی کی جس پر انہیں جواب دینا ہوگا، میرے خاندان اور پارٹی نے ڈکٹیٹرشپ کا سامنا کیا

وزیر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کو معاشی، سیاسی اور سیکیورٹی سے متعلق چیلنجز درپیش ہیں، وزیر خارجہ

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ عمران خان سمجھتے ہیں کہ ان پر ملک کا کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے غیر ملکی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے بار بار قانون کی خلاف ورزی کی جس پر انہیں جواب دینا ہوگا، میرے خاندان اور پارٹی نے ڈکٹیٹرشپ کا سامنا کیا۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ عمران خان کو عدالتوں میں بلایا جاتا ہے وہ پیش نہیں ہوتے، انہوں نے خود کو بچانے کے لیے اپنے کارکنوں کو پولیس کے سامنے لا کھڑا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو آگے بڑھانے کے لیے طویل مدتی منصوبہ بندی کرنا ہوگی، ہمیں موسمیاتی تبدیلی، غربت، معاشی حالات سے متعلق سوچ بچار کرنا ہے۔ وزیر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کو معاشی، سیاسی اور سیکیورٹی سے متعلق چیلنجز درپیش ہیں، افغانستان (بقیہ نمبر 8)

کراچی: اسلاموفوبیا کیخلاف عالمی بیداری کی جدوجہد جاری رکھوں گا، بلاول بھٹو

یاسمین راشد اور بریگیڈیئر (ر) اعجاز شاہ کی مبینہ آڈیو لیک ہوگئی

عمران خان نے کہا ہے ایم این ایز اور ایم پی ایز فوری زمان پارک پہنچیں

لاہور (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما یاسمین راشد اور بریگیڈیئر ریٹائرڈ اعجاز شاہ کی مبینہ آڈیو لیک ہوگئی۔ مبینہ آڈیو میں یاسمین راشد اعجاز شاہ کو کہتی ہیں کہ عمران خان نے کہا ہے تمام (بقیہ نمبر7)

اسلام آباد: عمران خان کے وارنٹ معطل کرنے کی درخواست اسلام آباد کچہری میں آج دائر نہ ہو سکی

گیس پائپ لائن منصوبے کیلئے انٹرنیشنل فنڈنگ درکار ہے، خرم دستگیر

ایران سے گوادر کیلئے 100 میگاواٹ اضافی بجلی کی درآمد کیلئے تمام مراحل مکمل ہوگئے وزیر توانائی

اسلام آباد (رانا فہد سے) وفاقی وزیر توانائی انجینئر خرم دستگیر نے کہا ہے کہ ایران سے گوادر کے لئے 100 میگا واٹ اضافی بجلی کی درآمد کے لئے تمام مراحل مکمل ہو گئے ہیں، (بقیہ نمبر 12)

آئی جی گلگت بلتستان محمد سعید کو عہدے سے ہٹا دیا

گریڈ 20 کے پولیس افسر ڈار علی خٹک نئے آئی جی گلگت بلتستان مقرر

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی حکومت نے انسپکٹر جنرل (آئی جی) گلگت بلتستان محمد سعید وزیر کو عہدے سے ہٹا دیا ہے۔ محمد سعید کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ صوبہ خیبر پختونخوا سے گریڈ 20 کے پولیس افسر ڈار علی خٹک کو گلگت بلتستان کا نیا آئی جی مقرر کر دیا گیا ہے (بقیہ نمبر 13)

وارنٹ فوری ختم کیے جائیں' عمران خان کو رانا ثناء اللہ کے حوالے نہیں کریں گے، فواد چوہدری

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان فواد چوہدری نے کہا ہے کہ وارنٹ فوری ختم کیے جائیں، عمران خان کو رانا ثناء اللہ کے حوالے نہیں کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رانا ثنا اللہ کا وارنٹ گرفتاری پڑا ہے اس پر شور کیوں نہیں؟ عمران خان کی گرفتاری کے وارنٹ فوری ختم کیے جائیں، ہم اپنے قائد کو رانا ثنا اللہ کے حوالے نہیں کریں (بقیہ نمبر 14)

وزیراعظم سے محمود خان اچکزئی کی ملاقات

ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی

اسلام آباد (رانا فہد سے) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین پختونخوا ملی عوامی پارٹی، محمود خان اچکزئی نے ملاقات کی- ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی- ملاقات میں محمود خان اچکزئی نے وزیر اعظم کے بلوچستان کی ترقی کو ترجیح بنانے کے ویژن اور حالیہ سیلاب میں بلوچستان کے متاثرین کی امداد و بحالی پر خصوصی توجہ پر خراج تحسین پیش کیا- وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین پختونخوا ملی عوامی پارٹی، محمود خان اچکزئی نے ملاقات کی- ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفتگو ہوئی- ملاقات میں محمود خان اچکزئی نے وزیر اعظم کے بلوچستان کی ترقی کو ترجیح بنانے (بقیہ نمبر17)

زمان پارک آپریشن لندن پلان کا حصہ، عمران خان کی گرفتاری نواز شریف، اسکی بیٹی کی خوشنودی کیلئے ہے' مسرت چیمہ

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ زمان پارک آپریشن لندن پلان کا حصہ ہے، قوم کے لیڈر عمران خان کی گرفتاری نواز شریف اور اس کی صاحبزادی کی خوشنودی کیلئے ہے (بقیہ نمبر 18)

چیئرمین سینیٹ کا تنویر ہاشمی کے والد قاضی عبدالرحیم کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار

چیئرمین سینیٹ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت اور درجات بلند کرے، محمد صادق سنجرانی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے روزنامہ جنگ کے کامرس رپورٹر تنویر ہاشمی کے والد قاضی عبدالرحیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ غمزدہ خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے دعا کی (بقیہ نمبر19)

گلگت بلتستان و پنجاب پولیس کو لڑوا کر خانہ جنگی کی سازش ہو رہی ہے، وزیر اطلاعات

حکومت کا عمران خان کی گرفتاری سے کوئی تعلق نہیں ہے، اگر حکومت نے گرفتار کرنا ہوتا تو ریاستی طاقت بھی موجود تھی، مریم اورنگزیب

ایک بزدل، غیر ملکی ایجنٹ، توشہ خانہ چور، گھڑی چور، ٹیرین کا والد اور توہین عدالت کا مجرم پولیس سے بھاگ رہا ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ گلگت بلتستان پولیس کو پنجاب پولیس اور رینجرز سے لڑوا کر خانہ جنگی کی سازش ہو رہی ہے۔ وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے پریس کانفرنس میں کہا کہ حکومت کا عمران خان کی گرفتاری سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اگر حکومت (بقیہ نمبر15)

الیکشن کمیشن آف پاکستان
ELECTION COMMISSION OF

اسلام آباد اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کیلئے حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری

عمران خان کی جان کو نقصان ہوا تو حکمرانوں کو بھاری قیمت ادا کرنی ہوگی: شیخ رشید

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ عمران خان کی جان کو نقصان ہوا تو حکمرانوں کو بھاری قیمت ادا کرنی ہوگی۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک پیغام میں کہا ہے کہ سارا ملک جام ہو چکا ہے، لوگ سڑکوں پر (بقیہ نمبر 16)

فیصل آباد میں 8 سالہ بچے کا قتل، پولیس کو قتل کے حوالے سے پانچ شواہد مل گئے

ملزمان کی گرفتاری کیلئے جدید وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، جلد ملزمان کو گرفتار کر لیا جائے گا

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد 8 سالہ بچے فیضان کا قتل، پولیس کو قتل کے حوالے سے پانچ شواہد مل گئے، پولیس کی جانب سے ملزمان کی جلد گرفتاری کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 27)

پولیو کے خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں، عبدالقادر پٹیل

اسلام آباد (اسد جعفری سے) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ پولیو کے خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں، پہلے مرحلے میں پنجاب کے 13 اضلاع، سندھ کے 16 اضلاع اور اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 26)

چیک ڈسچ آنر کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان گرفتار

اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ایس پی راول

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نیو ٹاؤن پولیس کی کارروائی، چیک ڈسچ آنر کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق نیو ٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان سہیل نذر اور نوید کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سہیل گزشتہ سال سے جبکہ اشتہاری مجرم نوید سال 2021 سے نیو ٹاؤن پولیس کو مطلوب تھے، ایس پی (بقیہ نمبر 25)

مردم شماری کی شفافیت، قابل اعتماد عمل اور مردم شماری کے نتائج کی قبولیت

تمام صوبوں خصوصاً سندھ کے خدشات کو دور کرنا ضروری ہے

لاجسٹک اور انسانی وسائل کی بروقت فراہمی کے ذریعے مردم شماری کی مشق کو آسانی سے انجام دیا جا سکے، وزیر اعلیٰ سندھ سے وزیر

وزیر اعلیٰ سندھ کی طرف سے اٹھائے گئے خدشات میں مردم شماری کے ضلعی افسران کو ڈیش بورڈز کی فراہمی کو یقینی بنانا اس بات کی توثیق کرنا ہے

کراچی (خصوصی خبر نگار) مردم شماری کے شفافیت، قابل اعتماد عمل اور مردم شماری کے نتائج کی قبولیت (تمام صوبوں خصوصا سندھ کے خدشات کو دور کرنا ضروری ہے) "وزیر برائے PD&SI پروفیسر احسن اقبال نے پاکستان بیورو آف سٹیٹسٹکس (PBS) کو ہدایت کی کہ (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی میں پی ٹی آئی کے درجنوں رہنماؤں اور کارکنوں کیخلاف مقدمات درج

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کیخلاف احتجاج کے الزام میں پی ٹی آئی کے درجنوں رہنماؤں اور کارکنوں کیخلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ جلاؤ

رینجرز کی جانب سے شہریوں پر فائرنگ کی جا رہی ہے، شیریں مزاری

رینجرز کی نقل و حرکت سے لگتا ہے وہ میدان جنگ میں کسی دشمن سے لڑ رہے ہیں

یہ سب لندن میں بیٹھے مجرم کو خوش کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما کا ٹویٹ

لاہور (غلام عباس سے) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری نے دعویٰ کیا ہے کہ زمان پارک میں رینجرز کی جانب سے فائرنگ کی جا رہی ہے۔ انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ رینجرز کی جانب سے ہمارے شہریوں پر سیدھی (بقیہ نمبر 21)

زمان پارک کے باہر کشیدگی برقرار، پولیس کے تازہ دم دستے پہنچ گئے

18 گھنٹوں سے زمان پارک کے باہر پولیس اور کارکنان آمنے سامنے

صبح کارکنان کو منتشر کرنے کے لیے ایک بار پھر شیلنگ کی گئی، کارکنان نے بھی پتھراؤ کیا

لاہور (غلام عباس سے) زمان پارک میں دوبارہ شیلنگ کا آغاز ہوگا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی رہائشگاہ زمان پارک کے باہر پی ٹی آئی کارکن صبح سویرے ہی آمنے سامنے آ گئے۔ پی ٹی آئی کے کارکنوں کی جانب سے پتھراؤ کیا گیا جبکہ پولیس کی جانب سے کارکنان کو منتشر کرنے کے لیے ا (بقیہ نمبر24)

فیصل آباد، کانسٹیبلوں کی پروموشن کیلئے محکمانہ ٹیسٹ، 1 ہزار سے زائد امیدواروں نے حصہ لیا

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) ضلع فیصل آباد میں کانسٹیبلوں کی پروموشن کیلئے محکمانہ ٹیسٹ کا انعقاد، 1 ہزار سے زائد امیدواروں نے حصہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز محمد ارسلان شاہزیب کی نگرانی میں کانسٹیبلان کی پروموشن کیلئے محکمانہ (بقیہ نمبر 23)

ایس ایچ او ملک نواز کی سربراہی میں قمار بازوں کے خلاف کمر بستہ

انچارج چوکی قاضیاں چوہدری ذوالفقار نے 13 قمار باز دھر لیے 5 لاکھ نقدی مسروقہ سامان برآمد

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجر خان ایس ایچ او ملک نواز کی سربراہی میں قمار بازوں کے اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کمربستہ انچارج چوکی قاضیاں چوہدری ذوالفقار نے مخبر خاص کی اطلاع پر مرغوں کی لڑائی پر جوا کھیلنے والے جواریوں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم، موٹر سائیکلز اور مرغے ضبط کر لیے ایس پی صدر نے پولیس تھانہ گوجر خان کی اس کارروائی پر شاباش دی اور انکی کارکردگی کو سراہا پولیس چوکی قاضیاں کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ بنڈیالہ کسی میں مرغوں (بقیہ نمبر22)

ایڈوائزری کمیٹی نے 1973 کے آئین کی گولڈن جوبلی کی تقریبات کیلئے میڈیا کی حکمت عملی کی منظوری

اسلام آباد میں اس کے پرانے قومی اسمبلی ہال کو اصل حالت میں بحال کر کے اسے قومی اثاثہ قرار دینے کی تجویز پیش کی

مشاورتی کمیٹی کی اسٹیٹ بینک کی پرانی عمارت میں قومی اسمبلی کے پرانے ہال کو اس کی اصل حالت میں بحال کر کے قومی ورثہ قرار دینے کی تجویز

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) سینیٹر میاں رضا ربانی کی صدارت میں بدھ کے روز آئین کی گولڈن جوبلی تقریبات کے انعقاد کے حوالے سے پارلیمانی مشاورتی کمیٹی کا چوتھا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں آئین پاکستان کی گولڈن جوبلی تقریبات کو شایان شان طریقے سے منانے کے حوالے سے اب تک ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئین کی گولڈن جوبلی کا جشن 23 مارچ 2023 سے شروع کیا جائے گا۔ پارلیمانی مشاورتی کمیٹی میں گولڈن جوبلی تقریبات کے لیے میڈیا کی حکمت عملی کی منظوری بھی دی گئی۔ کمیٹی نے یادگاری (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: گرفتاری سے بچا نہیں جا سکتا، آج نہیں تو کل ہونی ہے، عطا تارڑ

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی خصوصی ہدایات

مائیکرو پلانز، ہدف کی کوریج، انکار، N/As اور دیگر مسائل، کا جائزہ لیا

اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں پولیو ٹیمز کا دورہ

اسلام آباد (اسد جعفری سے) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں پولیو ٹیمز کا دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز ڈیم ایم او کے ساتھ بہارہ کہو میں ایریا انچارجز UCMOs/ کی سب ڈویژنل سطح سیکرٹریٹ سب ڈویژن پر پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے جائزہ میٹنگ (ERM) کا انعقاد کیا، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے) مائیکرو پلانز، ہدف کی کوریج، انکار، N/As اور (بقیہ نمبر29)

خیبر پختونخوا، نگران وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت صحت کارڈ سکیم سے متعلق اجلاس کا انعقاد

پشاور (جنرل رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان کی زیر صدارت بدھ کو صحت کارڈ اسکیم سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے صحت، سیکرٹری (بقیہ نمبر 30)



اسلام آباد: حنا ربانی کھر کی کامن ویلتھ کی سیکرٹری جنرل پیٹریشیا سکاٹ لینڈ سے ملاقات

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

توشہ خانہ اور ہمارے حکمران

وفاقی حکومت نے توشہ خانہ کا2002 سے2023 تک کا 21 سالہ ریکارڈ جو 446 صفحات پر مشتمل ہے ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردیا ہے، اس کے مطابق گزشتہ سال 2022 میں توشہ خانہ میں 224 تحائف موصول ہوئے، 2021 میں116، 2018 میں 175 اور 2015 میں 177 جبکہ 2014 میں 91 تحائف حکومتی ذمہ داران نے وصول کیے۔ آصف علی زرداری کو181، پرویز مشرف کو126، عمران خان کو112، نواز شریف کو 55 اور شاہد خاقان عباسی کو 27 تحائف ملے۔ توشہ خانہ سے تحائف وصول کرنے والوں میں سابق صدور، سابق وزرائے اعظم، سابق وفاقی وزرا، فوجی عہدیداران اور سرکاری افسروں کے نام شامل ہیں۔ پرویز مشرف، آصف زرداری، ممنون حسین، ظفراللہ جمالی، محمد میاں سومرو، شوکت عزیز، جنرل) ر(اشفاق پرویز کیانی، یوسف گیلانی، شاہد خاقان عباسی، نواز شریف، پرویز اشرف، عمران خان، نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی، وزیر خزانہ اسحاق ڈار، مریم اورنگزیب، بلاول بھٹو، نوید قمر، خواجہ آصف، فواد چوہدری، شیخ رشید، اسد عمر، جہانگیر ترین اور حفیظ شیخ کا توشہ خانہ ریکارڈ بھی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ وصول کنندگان میں سابق وزیر خارجہ عبدالستار، ڈاکٹر عطا الرحمٰن، الطاف ایم سلیم، انور محمود، بریگیڈئر ندیم تاج، سینیٹر طارق عظیم، سکندر حیات بوسن بھی شامل ہیں۔ توشہ کانہ سے لیے گئے تحائف میں گھڑیاں، پین، کتابیں، پرفیوم، کارپٹ، ٹی پاٹ، کیبل کلاک، موبائل سیٹ، خنجر، زیورات، میکلس، ڈیکوریشن پیس، شال اور قرآن پاک کے ساتھ ساتھ اسلحہ بھی ہے۔ واضح رہے کہ 23 فروری کو وفاقی حکومت نے لاہور ہائی کورٹ میں 1947 سے اب تک توشہ خانہ سے تحائف وصول کرنے کی تفصیلات کی فراہمی کے لیے دائر درخواست پر سماعت کے دوران کابینہ کا ریکارڈ ڈی کلاسیفائیکرنے کا فیصلہ عدالت میں پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ 2002 سے توشہ خانہ تحائف خریدنے والوں کا ریکارڈ ویب سائٹ پر ڈال دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ حکومت کا موقف ہے کہ اس سے پہلے کا ریکارڈ چونکہ ڈیجیٹل نہیں اس لیے فوری طور پر اسے عام کرنا ممکن نہیں، اسے مرتب کرنے کے لیے خاصا وقت درکار ہوگا۔ توشہ خانہ 1974 میں تشکیل دیا گیا تھا اور یہ کابینہ ڈویژن کے زیر کنٹرول ایک سرکاری شعبہ ہے۔ اس کا بنیادی مقصد ان تحائف کو رکھنا ہے جو حکام اعلی وصول کرتے ہیں۔ کسی بھی غیر ملکی دورے کے دوران وزارت خارجہ کے اہلکاران تحائف کا اندراج کرتے ہیں اور ملک واپسی پر ان کو توشہ خانہ میں جمع کروایا جاتا ہے۔ یہاں جمع ہونے والے تحائف یادگار کے طور پر رکھے جاتے ہیں یا کابینہ کی منظوری سے انہیں فروحت کردیا جاتا ہے۔ قواعد کے مطابق اگر کوئی تحفہ 30 ہزار روپے سے کم مالیت کا ہے تو تحفہ حاصل کرنے والا شخص اسے کسی ادائیگی کے بغیر اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ جن تحائف کی قیمت 30 ہزار سے زائد ہوتی ہے، 2020 سے قبل کل قیمت کا 20 فیصد ادا کرکے انہیں رکھا جاسکتا تھا تاہم تحریک انصاف کے دور میں اسے بڑھا کر 50 فیصد کردیا گیا تھا۔ توشہ خانہ میں اندراج کے بعد سٹیٹ بینک سے باقاعدہ مارکیٹ قیمت کا تعین کرایا جاتا ہے۔ اگر متعلقہ حکام تحائف نہیں رکھنا چاہتے تو پھر ان کی فہرست تیار کرکے توشہ خانہ قوانین کے مطابق سرکاری ملازمین کو نیلامی کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔ نیلامی کی قیمت کا تعین دوبارہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور سٹیٹ بینک سے کروایا جاتا ہے۔ توشہ خانہ قوانین کے مطابق ان تحائف پر پہلا حق اس کا ہے جس کو یہ تحفہ ملا ہوتا ہے، اگر وہ اسے نہ لے تو پھر سرکاری ملازمین اور فوج کے اہلکاروں کے لیے نیلامی کی جاتی ہے، جو بھی فوجی یا سرکاری ملازم ان قیمتی اشیا کو خریدتے ہیں انہیں ذرائع آمدن ڈکلیئر کرنے کے ساتھ ساتھ ٹیکس ادا کرنا ہوتا ہے۔ اس نیلامی سے جو اشیا بچ جائیں انہیں عوام کے لیے نیلامی میں رکھ دیا جاتا ہے۔ پاکستان اور بھارت میں ایسے تحائف کی نیلامی سے حاصل ہونے والا پیسہ ریاست کے خزانے میں جاتا ہے۔ کابینہ ڈویژن کے حکام کے مطابق یہ نیلامی ہر سال ہونا ہوتی ہے تاہم سالانہ بنیادوں پر ایسا ممکن نہیں ہو پاتا کیونکہ ایک برس کے دوران سربراہان مملکت اور وزرا کے دوروں میں اتنے تحائف نہیں ملتے کہ ہر برس نیلامی کے انعقاد کی ضرورت ہو۔ توشہ خانہ قانون کی موجودگی کے باوجود یہ معاملہ گزشتہ کئی سالوں سے میڈیا میں زیرِ بحث رہتا ہے کیونکہ چار سابق حکمرانوں کو قواعد وضوابط کی مبینہ خلاف ورزی کے الزام میں مقدمات کا سامنا رہا ہے۔ ان میں سابق وزرائے اعظم، نواز شریف، یوسف رضا گیلانی اور عمران خان کے ساتھ ساتھ سابق صدر مملکت آصف علی زرداری بھی شامل ہیں۔ حال ہی میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے توشہ خانہ ریفرنس میں سابق وزیراعظم عمران خان کو الزامات ثابت ہونے پر قومی اسمبلی کی رکنیت سے نااہل قرار دے دیا تھا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے پانچ رکنی بینچ نے فیصلہ سنایا تھا کہ عمران خان کرپٹ پریکٹسز کے مرتکب ہوئے ہیں اس لیے انہیں آئین کے آرٹیکل 63 پی کے تحت نااہل قرار دیا جاتا ہے۔ فیصلے میں قانونی کارروائی کا آغاز کرنے کا حکم بھی دیا گیا تھا، یہی کیس اسلام آباد کے ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال کی عدالت میں زیر سماعت ہے اور پیر کو عدالت نے ہائیکورٹ کے حکم کے باوجود پیش نہ ہونے پر سابق وزیراعظم کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری بحال کردیئے گئے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ توشہ خانہ کا قانون موجود ہے تاہم اس قانون کے غلط استعمال کے الزامات لگائے جاتے رہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ ماہ وفاقی وزرا کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا تھا کہ حکومتی شخصیات صرف 80 ہزار روپے مالیت کا تحفہ اپنے پاس رکھ سکیں گی جبکہ تحائف کی مالیت کا اندازہ تھرڈ پارٹی کرے گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ توشہ خانہ میں صرف سیاستدانوں کو ملنے والے تحائف ہوتے ہیں، ججوں اور عسکری قیادت کے ملنے والے تحائف توشہ خانہ میں نہیں آتے، اس لیے وہ صرف سیاست دانوں کو ملنے والے تحائف کی تفصیلات عوام کے سامنے رکھ سکیں گے۔ توشہ خانہ سے تحائف لینے والوں کا یہی موقف رہا ہے کہ انہوں نے رائج قانون کے مطابق تحائف حاصل کئے۔

دعاں کے سلسلے دراز ہونے چاہئیں

ندیم اختر ندیم

دل سے نکلی دعا ایک فریاد ہوتی ہے جو پروردگار کی بارگاہ میں شرف قبولیت پا کر مرادوں کے پھول کھلا دیتی ہے دعاں کی بہار جاداں جیون خوشبوں سے معطر رکھتی ہے دعائیں کیسے بھی کی جائیں اثر رکھتی ہیں دعا طبیعت کی ایک ایسی کیفیت کا نام ہے کہ جب ہم یقین کی رعنائیوں میں ڈھل کر ہاتھ اٹھاتے ہیں، پھر قدرت نے کچھ لمحات ہی ایسے رکھے ہیں کہ جب دل سے نکلی بات رب کریم کی بارگاہ میں فوری قبولیت پالیتی ہے پاکستان کے سابق صدر رفیق تارڑ نے بھی دوستوں کے ساتھ غالب کے مرغوب پھل سے لطف اندوز ہوتے گرمیوں کی ایک دوپہر میں کہا تھا کہ میں پاکستان کا صدر بن گیا تو عدلیہ کا نظام بہتر کردوں گا خدائے واحد نے انکے دل سے نکلی بات کو قبولیت کی سرفرازی بخشی اور وہ پاکستان کے صدر بن گئے ہمارے ایک ماموں جان مرحوم کوئی وقت تھا معاشی استحکام رکھتے تھے انکی رحلت کے بعد انکے اہلخانہ حالات کی تلخیوں سے دوچار ہوئے بچوں نے محنت کی اور ثمر پایا حالات معمول پر آگئے ایک روز ہماری ممانی اپنی ایک بیٹی کو لئے کہیں جانے کو نکلی راستے میں فقیر نظر آیا اسے دیکھتے ہی ماموں کی بیٹی بولی اماں جان خدا مجھے اس فقیر جیسا شوہر دے تاکہ گھر بیٹھے تلون کھانے میسر ہوں کیونکہ فقیر در در سے مانگتا ہے اور مختلف ذائقوں کے کھانے لاتا ہے بس وہ وقت ہی ایسا تھا کہ جب اس بیٹی کے منہ سے نکلی بات قدرت کو پسند آگئی اور اللہ کریم نے اسکا بیاہ ایسی جگہ کردیا کہ جہاں اس کی آرزوں کا جہان آباد ہوا اسکے شوہر کراچی ایک ٹی وی چینل کے اعلی عہدے پر فائز ہیں۔ ملک کے مختلف شہروں میں اچھی رہائشیں ہیں فارم ہاسز ملازم۔ گاڑیاں اور خدا کا دیا سب کچھ ہے اور ماموں کی وہ بیٹی ان دنوں امریکہ نجی ٹی وی کی بیورو چیف ہیں اسکی ایک بیٹی ہے جو وہیں زیر تعلیم ہے۔ ہمدم دیرینہ اعجاز احمد بٹر مرحوم بتایا کرتے کہ بچپن میں ان سب بہن بھائیوں کو گھر سے پیسے ملتے تو ماں کسی بھائی کو پچاس پیسے تو کسی کو ایک روپیہ دیتی اور مجھے چار آنے ملتے تو میں کہتا ماں جی بڑے بھائی کو پچاس پیسے اور مجھے چار آنے؟ تو ماں کہتی کہ میرا جج پتروی تے توں ای اے ناں) میرے جج بیٹے بھی تو آپ ہو (اور اللہ نے مجھے جج) سیشن جج رہے (بنادیا حالانکہ ماں تو اعجاز کو نام کی نسبت اور پیار سے جج کہتی ماں کی عقیدت سے یاد آیا سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق چیف جسٹس جناب افضل ظلہ سے پوچھا گیا جناب یہ ظلہ آپکی کاسٹ ہے تخلص ہے کیا ہے؟ انہوں نے کہا میری ماں بچپن میں مجھے ظلہ کہتی تھی تو ماں کی محبت میں ظلہ کو میں نے اپنے نام کا حصہ بنالیا یعنی پنجابی میں افضل سے ظلہ۔ یقیناً ماں کے ظلہ کہنے میں اپنائیت اور دعاں کا لازوال ذخیرہ مضمر تھا۔ سابق چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ خواجہ شریف کی والدہ دوسرے بیٹے کے گھر رہتی خواجہ صاحب گھر سے نکلتے تو عدالت جاتے ہوئے ماں کی قدم بوسی کیلئے جاتے انکی دعائیں۔

عنوان "پارس"

ازقلم مہروامامہ نور

سمندر کے کنارے میں اکیلی بیٹھی خود سے اس طرح باتیں کر رہی تھی کہ جیسے میں کسی مجموعے میں ہوں، ابھرتے ہوئے سوالات کے جوابات بھی خودساختہ، کیا غلط کیا صحیح کچھ خبر ہی نہیں۔۔سمندر کی لہریں، اس کے آس پاس کچھ لوگ اکیلے بیٹھے ہوئے تھے تو کسی کو ہنستے ہوئے دیکھا تو کوئی ریت سے گھر بنا رہا تھا جن کو سمندر کی لہروں سے ٹوٹنے میں وقت نہیں لگ رہا تھا، جیسے ہی پانی واپس جارہا تھا وہ مسکراتے چہرے اداس دکھائی دے رہے تھے۔ کیونکہ وہ لہریں ان کے گھروں کو اپنے ساتھ بہا کر لے جارہی تھیں، اس جگہ پر میں نے وہ سارا منظر اور خوشگوار موسم اور ہلچل دیکھ کر کسی پل مسکرا، تو کسی پل اداسی محسوس کی۔۔اسی کیفیت میں میں نے ایک منظر دیکھا، ہونٹوں پر مسکراہٹ اور نمکین آنکھیں، بس ایسے لگ رہا تھا جیسے آنکھیں پانی میں بھیگی ہوئی ہیں اور اس کی آنکھیں بہت چمک رہی تھیں یہ چمک اس کے چہرے کو بہت روشن بنا رہی تھی۔ آہستہ آہستہ وہ بالکل میرے قریب ایک چھوٹی لڑکی آئی اور میں صرف اس کو دیکھ رہی تھی، ایسا کرتے ہوئے میں نے محسوس کیا، کہ اس کے ہاتھ میں کچھ ہے، جو وہ اپنے ہاتھ میں مضبوطی سے پکڑے ہوئی تھی، وہ آرام سے زمین پر بیٹھی اور میری طرف ہلکے سے مسکرا دیکھا اور میں نے واپسی میں مسکرا کر سلام کیا اس کو، اس نے جواب میں وعلیکم السلام کہا پھر میں نے اس سے اس کا نام پوچھا، پارس پارس نام ہے میرا، ایسا کرتے اس نے اپنے دونوں ہاتھوں کو ملا کر اپنی مٹھی کھولی، اب یہ) مٹھی (پیالے کی صورت ہوگئی، پھر اس نے آرام سے کھول کر میرے سامنے لاکر کہا، آپ کو پتا ہے یہ کیا ہے، میں نے اس کو غور سے دیکھ کر کہا کہ نہیں پارس مجھے نہیں پتا، پارس نے جواب دیا یہ پارس ہے) پارس پتھر (جن کو میں نے سمندر کی لہروں میں سے ڈھونڈا ہے، خوشی میں ان پر نظر ڈالتے ہوئے اس نے کہا کہ اب میں ان کا ہار بنا کر پہنوں گی، اور کسی کو بھی نہیں دوں گی یہ میں نے ڈھونڈے ہیں، یہ کہتے ہوئے اس نے پھر سے اپنے ہاتھ مضبوطی سے بند کر لیے، میں نے مسکرا کر کہا واہ پارس مجھے بہت پسند ہیں پر مجھے کبھی بھی نہیں ملے، افسوس !ایسا کرتے ہوئے وہ مجھے غور سے دیکھنے لگی، میں نے پوچھا کہ آپ مجھے اس طرح کیوں دیکھ رہی ہیں، تو اچانک اس نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کا نام کیا ہے میں نے مسکرا کر کہا کہ مرک مرک نام ہے)_مرک یعنی مسکراہٹ (اس نے کہا آپ مسکراتی ہوئی بہت اچھی لگ رہی ہیں، میں نے مسکرا کر اور حیرت زدہ ہو کر سوچا کہ ایک چھوٹی پارس نے دل خوش کرنے کے لیے اتنے پیارے الفاظ کہے ہیں شاید وہ افسردہ ہو کر میرے چہرے پر اداسی دیکھ کر ایسا کہہ رہی تھی، اور اس نے مزید کہا کہ ہمیشہ مسکراتی رہا کریں، میں نے مزید حیرت سے اس کو دیکھا، پھر میں نے اپنے ہاتھ اس کے چہرے پر رکھے اور کہا آپ بھی بہت پیاری ہیں اور آپ کی باتیں بھی بہت پیاری ہیں، میں نے ایسے کہا جیسے پارس کے پھول کھل کر اس کے چہرے پر رقص کر رہے ہوں پارس کا چہرہ گلاب جیسا نکھرا لگ رہا تھا، اسی میں اس نے مجھ سے ایک اور سوال کیا ! کہ آپ یہاں کس کے ساتھ آئی ہیں !اور یہاں اکیلی کیوں بیٹھی ہیں، اس کا یہ سوال بہت مسحور کن اور اجنبیت میں اپنائیت کی طرح محسوس ہو رہا تھا،، ہمارہ تعلق دو لمحوں کا تعلق نہ لگا، ایسے محسوس ہوا جیسے میں جب سے یہاں آتی ہوں، کہیں نہ کہیں وہ مجھے اور میں اس کو جانتی ہوں، میں تو خود اس کو یوں کہوں جیسے میرے دل کی تپتی ہوئی دھوپ ہر یہ بادل کی طرح نمودار ہوئی ہو، یا پھر میں یوں کہوں جیسے اس نے میرے اداس دل کے مناظر دیکھے ہوں، یا میرے سوالوں کے وہ جوابات اس کے پاس تھے، جن کے لیے میں ہمیشہ سے یہاں بیٹھنے کی عادی تھی، یا پھر یوں کہوں کہ میری زندگی کی ٹوٹی ہوئی لکیروں کو یہ راستہ دکھانے آئی ہے، انہی سوچوں کے زیر اثر تھی میں کہ وہ میری گود میں کچھ ڈال کر چلی گئی جس کی وجہ سے میں اپنے خیالات کی قید سے آزاد ہوئی، جب میں نے اپنی گود میں نظر ڈالی !تو وہ خوبصورت پارس میری گود میں ایسے چمک رہے تھے جیسے آسمان سے کسی نے مجھے تارے اتار کر دیے ہوں !یا تو میں خود آسمان اور چمکتے ہوئے ستاروں کے بیچ میں ہوں، یہ خوبصورت مناظر مجھے تو دنیا سے کہیں بہت دور لے گئے، میں نے خود کو پرسکون اور دل مطمئن محسوس کیا، جب وہ ساری کیفیت گرنے کے بعد میں نے اس چھوٹی معصوم پارس کو دیکھا تو وہ مجھ سے دور جارہی تھی، کسی کو ہاتھ میں ہاتھ دیے، اور مڑ کر مجھے دیکھتے ہوئے اور مسکرا کر بہت خوشی سے چلتی جارہی تھی، اور میں نے اپنے ہاتھ ہوا میں لہرا کر اس سے پوچھا کہ یہ تمہارے ہیں یہ تم لو، پھر پارس نے بھی مجھے اشارے سے ہی جواب دیا کہ یہ آپ کے ہیں، اب میرے نہیں_ زندگی ہمیں کبھی بھی کسی کے بھی ذریعے سے سبق دے سکتی ہے،، بس پھر دل سکون سے بھر گیا، میرے دل میں کوئی بھی شکوہ نہ رہا بس میں سمجھ گئی ! کہ زندگی صرف اپنے لیے نہیں بلکہ دوسروں کے لیے بھی جینی چاہیئے یہی حقیقی زندگی ہے، اور یہی حقیقی خوشی ملنے کا راز ہے، جو دوسروں کو دے کر ملتی ہے۔

توشہ خانہ ریکارڈ، بے لاگ احتساب کا لفظ آغاز بن سکتا ہے

مصطفیٰ کمال پاشا

توشہ خانہ کا پبلک کیا گیا ریکارڈ ہماری قومی صحافت اور سیاست کا اولین ٹرینڈ بن چکا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ نے حکم جاری کیا ہے کہ توشہ خانہ کا 2002 سے پہلے کا ریکارڈ بھی پیش کیا جائے، حالانکہ کورٹ نے قیام پاکستان سے لے کر اب تک کا ریکارڈ پبلک کرنے کو کہا تھا۔ جسٹس عاصم حفیظ نے لاریب بڑی اہم بات کہی ہے کہ دیکھا جائے گا کہ کس نے تحفے دیئے، کس کو دیے، کیوں دیئے، بدلے میں کوئی فائدہ تو حاصل نہیں کیا، جج کی یہ آبزرویشن بڑی اہم ہیں کیونکہ عمران خان کے دور میں کچھ برادر ممالک کو اس طرح فائدے دیئے گئے جو کہ درست نہیں تھے۔ والٹن ایئرپورٹ کی منتقلی اور آئی ٹی ٹاور کی کی تعمیر کی اجازت دینے کے حوالے سے بہت سی ایسی باتیں زبانِ زدعام ہیں جس سے ان خدشات کو تقویت ملتی ہے کہ قومی مفادات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ایسے فیصلے کیے گئے جن کا مقصد کسی دوسرے فریق کو فائدہ پہنچانا مقصود تھا اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ معاملات کو صرف پبلک کرنے تک ہی نہ چھوڑ دیا جائے بلکہ اس سے آگے بڑھتے ہوئے معاملات کو باریک بینی سے تحقیق وتفتیش کی جانی چاہئے۔ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کے پہلے دو ادوار کا ریکارڈ ابھی تک منظر عام پر نہیں لایا گیا بلکہ اس سے پہلے ذوالفقار علی بھٹو اور جنرل ضیاالحق کے ادوارِ حکمرانی کا ریکارڈ بھی سامنے آنا چاہئے اور ایوبی دور کا ریکارڈ بھی قوم دیکھے کہ ہمارے حکمران کیا کرتے رہے ہیں لیکن ہمیں صرف منفی پہلو ہی نہیں دیکھنا یا دکھانا چاہئے جنہوں نے خالصتا دیانت داری کے ثبوت دیئے انہیں سلیوٹ بھی کیا جانا چاہئے۔ توشہ خانہ کا گزرے 21 سالوں کا ریکارڈ عوام کے سامنے آچکا ہے، اسے عام کرنے کا مطالبہ عمران خان کے دورِ حکمرانی میں منظر عام پر آیا تھا لیکن انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کردیا تھا اور کہا کہ ایسا کرنے سے برادر ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہو جائیں گے۔ توشہ خانہ کا ریکارڈ منظر عام پر لانے کا مطالبہ اس وقت سامنے آیا جب قوم کو پتہ چلا کہ عمران خان نے سعودی بادشاہ سے تحفے میں ملنے قیمتی گھڑی، اسی دکاندار کے ہاتھ فروخت کردی جس سے خرید کر سعودی بادشاہ نے انہیں تحفے میں دی تھی یہ بات منظر عام پر آئی تو پاکستان کی بکی ہوئی پھر یہ بات ایک سکینڈل کی شکل میں ہمارے قومی میڈیا پر چھا گی۔ عمران خان پر توشہ خانہ کا ریکارڈ عام کرنے کا دبا بڑھنے لگا لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا، اب یہ کام شہباز شریف نے کر دکھایا ہے اِس حوالے سے ان کی جرتِ رندانہ کی داد دی جانی چاہئے۔ ویل ڈن شہباز شریف۔ توشہ خانہ کا 21 سالہ ریکارڈ بمع تفصیلات قوم کے سامنے ہے لیکن پی ٹی آئی والے اسے اپنے مکروہ جرائم پر پردہ ڈالنے کے لئے پروپیگنڈے کا ہتھیار بنا کر استعمال کر رہے ہیں، کہا جارہا ہے کہ اس حمام میں سب ہی ننگے ہیں سب نے بہتی گنگا میں ہاتھ دھوئے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح عمران خان کے جرم کی اہمیت کم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ توشہ خانہ ایک قانونی ادارہ ہے جس کے قواعد وضوابط ہیں۔ تحائف کے اندراج سے لے کر ان کی قیمتوں کے تعین، حوالگی اور نیلامی تک کے مراحل کا ذکر بالتفصیل موجود ہے گزرے 21 سالوں کے دوران جس کا ریکارڈ پبلک کیا گیا ہے ایسے ہی ضوابط کے تحت تحائف کا لین دین ہوا ہے۔ پبلک کیے گئے ریکارڈ کی تفاصیل بھی موجود ہوں گی، فائلوں میں تفاصیل درج ہوں گی کہ کون سا تحفہ کس نے اور کب وصول کیا، کب توشہ خانے میں جمع کرایا گیا، اس تحفے کی قیمت کا تعین کیسے کیا گیا، کسی ماہر فرد نے تعین کیا یا کسی کمیٹی نے قیمت بتائی، پھر کس قانون کے تحت کس شخص نے تحفہ اپنے پاس رکھنے کا کا فیصلہ کیا۔ کتنی قیمت سرکاری خزانے میں جمع کرائی یا پھر کون سا تحفہ کس طرح اور کب نیلام ہوا۔ یہ ساری تفاصیل سرکاری ریکارڈ میں موجود ہوں گی اس لئے پی ٹی آئی کا اس حمام میں سب ننگے کیا کہنا عمران خان کی کھلی بددیانتی کو دور کرنے کی مذموم کاوش ہے۔ اس پر سوال یہ ہے کہ دیکھا جائے کہ توشہ خانہ سے تحائف حاصل کرنے والوں نے کہیں اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے قواعد وضوابط سے تجاویز تو نہیں کیا؟ کیا انہیں تحفہ حاصل کرنے کا اختیار تھا؟ کیا انہوں نے طے شدہ قوانین کے مطابق ادائیگی کی؟ ہمارے میڈیا میں جو تاثر دیا جا رہا ہے وہ درست نہیں ہے۔ توشہ خانہ سے تحائف لینا، غلط نہیں ہے قواعد وضوابط اس کی اجازت دیتے ہیں۔ تحفہ وصول کرنے کے بعد اسے اپنے پاس رکھنے کا بھی قانون موجود ہے تحفہ ملنے کے بعد اس کی قیمت کا تعین کرنے کے بعد اس کی قانون کے مطابق ادائیگی کرنے کے بعد تحفہ اپنے رکھا جا سکتا ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ اس سارے عمل میں کہیں قانون شکنی تو نہیں ہوئی ہے۔ پبلک کیے گئے ریکارڈ میں صرف تحفہ لینے کی بات کی گئی ہے اس کے پس پردہ معاملات کی تفاصیل درج نہیں ہیں ہم لوگ درج شدہ نامکمل بلکہ ادھوری معلومات پر بھی حقائق کی بڑی عمارت کھڑی کرنے میں لگ گئے ہیں جو کہ قطعا درست نہیں ہے۔ ویسے اگر ہم کرپشن کا خاتمہ کرنے میں فی الحقیقت سنجیدہ ہیں تو توشہ خانہ کا ریکارڈ اس کا نقطہ آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔ اس تحقیق اور تفتیش کے لیے کسی سماعت یا گواہی کی ضرورت نہیں ہوگی۔ توشہ خانہ کا ریکارڈ، اس کی فائلیں خود بولیں گی، ایک ایماندار جج کو مکمل اختیارات کے ساتھ اگر اس کام پر لگا دیا جائے تو حاضر اور غائب تمام لیڈران، جج، جرنیل، بیورو کریٹ اور دیگر شہریوں کا کڑا اور کھرا احتساب ہو سکتا ہے۔ ایسا احتساب جس پر کسی کو اعتراض بھی نہیں ہوگا، نہ لمبی چوڑی تاریخیں پڑیں گی اور نہ ہی کورٹ کچہریوں کے چکر لگانے پڑیں گے، فائلیں خود گواہی دیں گی، خود بولیں گی کہ کس نے کیا کیا، کیوں کیا، درست کیا یا غلط کیا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسا کرنے کا عزم بالجزم کیا جائے۔ شہباز شریف نے ایک بولڈ قدم اس سمت اٹھا دیا ہے اب اگر وہ تھوڑی سی جرت اور کریں تو تاریخ میں اپنا نام اور مقام ثبت کر سکتے ہیں۔ آزمائش شرط ہے۔ اس سے پہلے ذوالفقار علی

بھٹو اور جنرل ضیاالحق کے ادوارِ حکمرانی کا ریکارڈ بھی سامنے آنا چاہئے اور ایوبی دور کا ریکارڈ بھی قوم دیکھے کہ ہمارے حکمران کیا کرتے رہے ہیں لیکن ہمیں صرف منفی پہلو ہی نہیں دیکھنا یا دکھانا چاہئے جنہوں نے خالصتا دیانت داری کے ثبوت دیئے انہیں سلیوٹ بھی کیا جانا چاہئے۔ توشہ خانہ کا گزرے 21 سالوں کا ریکارڈ عوام کے سامنے آچکا ہے، اسے عام کرنے کا مطالبہ عمران خان کے دورِ حکمرانی میں منظر عام پر آیا تھا لیکن انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کردیا تھا اور کہا کہ ایسا کرنے سے برادر ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہو جائیں گے۔ توشہ خانہ کا ریکارڈ منظر عام پر لانے کا مطالبہ اس وقت سامنے آیا جب قوم کو پتہ چلا کہ عمران خان نے سعودی بادشاہ سے تحفے میں ملنے قیمتی گھڑی، اسی دکاندار کے ہاتھ فروخت کردی جس سے خرید کر سعودی بادشاہ نے انہیں تحفے میں دی تھی یہ بات منظر عام پر آئی تو پاکستان کی بکی ہوئی پھر یہ بات ایک سکینڈل کی شکل میں ہمارے قومی میڈیا پر چھا گی۔ عمران خان پر توشہ خانہ کا ریکارڈ عام کرنے کا دبا بڑھنے لگا لیکن انہوں نے ایسا نہیں کیا، اب یہ کام شہباز شریف نے کر دکھایا ہے اِس حوالے سے ان کی جرتِ رندانہ کی داد دی جانی چاہئے۔ ویل ڈن شہباز شریف۔ توشہ خانہ کا 21 سالہ ریکارڈ بمع تفصیلات قوم کے سامنے ہے لیکن پی ٹی آئی والے اسے اپنے مکروہ جرائم پر پردہ ڈالنے کے لئے پروپیگنڈے کا ہتھیار بنا کر استعمال کر رہے ہیں، کہا جارہا ہے کہ اس حمام میں سب ہی ننگے ہیں سب نے بہتی گنگا میں ہاتھ دھوئے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح عمران خان کے جرم کی اہمیت کم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ بات دراصل یہ ہے کہ توشہ خانہ ایک قانونی ادارہ ہے جس کے قواعد وضوابط ہیں۔ تحائف کے اندراج سے لے کر ان کی قیمتوں کے تعین، حوالگی اور نیلامی تک کے مراحل کا ذکر بالتفصیل موجود ہے گزرے 21 سالوں کے دوران جس کا ریکارڈ پبلک کیا گیا ہے ایسے ہی ضوابط کے تحت تحائف کا لین دین ہوا ہے۔ پبلک کیے گئے ریکارڈ کی تفاصیل بھی موجود ہوں گی، فائلوں میں تفاصیل درج ہوں گی کہ کون سا تحفہ کس نے اور کب وصول کیا، کب توشہ خانے میں جمع کرایا گیا، اس تحفے کی قیمت کا تعین کیسے کیا گیا، کسی ماہر فرد نے تعین کیا یا کسی کمیٹی نے قیمت بتائی، پھر کس قانون کے تحت کس شخص نے تحفہ اپنے پاس رکھنے کا کا فیصلہ کیا۔ کتنی قیمت سرکاری خزانے میں جمع کرائی یا پھر کون سا تحفہ کس طرح اور کب نیلام ہوا۔ یہ ساری تفاصیل سرکاری ریکارڈ میں موجود ہوں گی اس لئے پی ٹی آئی کا اس حمام میں سب ننگے کیا کہنا عمران خان کی کھلی بددیانتی کو دور کرنے کی مذموم کاوش ہے۔ اس پر سوال یہ ہے کہ دیکھا جائے کہ توشہ خانہ سے تحائف حاصل کرنے والوں نے کہیں اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے قواعد وضوابط سے تجاویز تو نہیں کیا؟ کیا انہیں تحفہ حاصل کرنے کا اختیار تھا؟ کیا انہوں نے طے شدہ قوانین کے مطابق ادائیگی کی؟ ہمارے میڈیا میں جو تاثر دیا جا رہا ہے وہ درست نہیں ہے۔

SHOWBIZ شوبز

آمنہ الیاس کی ’آئٹم نمبرز‘ کو سپورٹ کرنے کی وجہ سامنے آگئی

یہ لفظ آئٹم کیا ہے، ہم اسے ڈانس پرفارمنس کہتے ہیں

لاہور(شوبز نیوز) پاکستانی اداکارہ آمنہ الیاس کا کہنا ہے کہ فلموں میں آئٹم نمبرز اصل میں ایک میوزیکل پرفارمنس ہے، لوگ اپنی شادیوں میں ڈانس کرتے ہیں، لیکن جب ہم ڈانس کو فلموں میں دکھاتے ہیں تو مسئلہ بن جاتا ہے۔ آمنہ الیاس ایک مشہور پاکستانی فیشن ماڈل، فلم اور ٹیلی ویژن اداکارہ ہیں، انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز سترہ سال کی عمر میں ماڈلنگ سے کیا، چند سال بعد انہوں نے اداکاری کی طرف رخ کیا اور ’تم میرے پاس رہو‘، ’دل نہیں مانتا‘، ’ایک جھوٹا لفظ محبت‘، ’زندہ بھاگ‘، ’باجی‘ اور ’سات دن محبت میں‘ جیسے پروجیکٹس میں اپنی اداکاری۔

منیشا فلم کی شوٹنگ کے دوران ناراض ہوگئی تھیں، عامر خان

اکیلے ہم اکیلے تم میں عامر خان اور منیشا کوئرالہ نے ایک ساتھ کام کیا تھا

ممبئی(شوبز نیوز) بالی ووڈ سپر اسٹار عامر خان نے ایک بار فلم ’اکیلے ہم اکیلے تم‘ میں اپنے ساتھ مرکزی کردار ادا کرنے والی اداکارہ منیشا کوئرالہ کے ساتھ پیش آنے والے ایک واقعہ کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا تھا کہ منیشا فلم کی شوٹنگ کے دوران ناراض ہوگئی تھیں۔ عامر خان نے یہ واقعہ ماضی کی معروف اداکارہ سیمی گریوال کے شو میں بطور مہمان گفتگو کے دوران بتائی۔ انہوں نے اس موقع پر یہ بھی بتایا کہ کس طرح مختلف شوٹس ساتھی اداکارہ کے ساتھ کس انداز میں فلمائے۔ جب سیمی نے گفتگو کے دوران عامر خان سے کہا کہ فلم کی شوٹنگ کے دوران منیشا کے ساتھ ان کا رویہ درست نہیں بلکہ غیر دوستانہ تھا۔ سیمی کے اس سوال پر کہ ان کا خواتین اداکاراؤں کے ساتھ بطور جنس مخالف معاملہ کس طرح کا ہوتا ہے اس پر عامر خان نے کہا کہ جب میں کسی اداکارہ کے ساتھ کام کرتا ہوں تو میں اسے یہ ظاہر کرتا ہوں کہ میں اس سے پیار کرتا ہوں میری کوشش ہوتی ہے۔

سشمیتا سین نے صحتیاب ہونے کے بعد ایک مرتبہ پھر ریمپ پر جلوے بکھیر دیئے

ممبئی(شوبز نیوز) ماضی میں دنیا کی خوبصورت ترین خاتون کا اعزاز رکھنے والی بھارتی اداکارہ سشمیتا سین نے صحتیاب ہونے کے بعد ایک مرتبہ پھر ریمپ پر جلوے بکھیر دیئے۔ حال ہی میں دل کا شدید دورہ پڑنے کی وجہ سے کئی دنوں اسپتال میں گزارنے کے بعد اداکارہ سشمیتا سین نے لیکمی فیشن ویک میں بطور شو اسٹاپر انٹری دے دی۔ اداکارہ نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ کا رخ کرتے ہوئے مداحوں کے ساتھ لائیو سیشن میں گفتگو کی جس میں انہوں نے بتایا کہ وہ بہت خوش ہیں۔ سشمیتا کا کہنا تھا۔

شوبز میں آج بھی خود کو فن کا طالبعلم سمجھتا ہوں، سخاوت ناز

سینئرز سے بہت کچھ سیکھا اور یہ سلسلہ آج بھی جاری رکھا ہوا ہے، کامیڈین کی گفتگو

لاہور(شوبز نیوز) معروف کامیڈین سخاوت ناز نے کہا ہے کہ شوبز میں کئی سال گزارنے کے باوجود خود کو آج بھی فن کا طالبعلم سمجھتا ہوں اور جہاں سے سیکھنے کو ملتا ہے اسے اپنا لیتا ہوں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سخاوت ناز نے کہا کہ سیاستدانوں کی تقاریر سنتا ہوں تو یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہوں کہ ہم سے بڑے اداکار تو سیاستدان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تمام بڑی پارٹیوں کے سیاستدانوں سے اچھے اور خوشگوار تعلقات ہیں اور میرے لئے تمام قابل احترام ہیں۔ سخاوت ناز نے کہا کہ میں خود کو پیدائشی اداکار سمجھتا ہوں۔

آج کے اسٹیج ڈرامہ میں فحاشی اور عریانی کو اہمیت دی جانے لگی ہے، باؤ اصغر علی

لاہور(شوبز نیوز) آج کے اسٹیج ڈرامہ میں فحاشی، عریانی، ذومعنی ڈائیلاگ اور بیہودہ رقص کو فوقیت دی جانے لگی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں فحاشی، عریانی، ذومعنی ڈائیلاگ اور بیہودہ رقص کے بغیر بھی شائقین کے لئے اسٹیج ڈرامہ پیش کر کے کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے ان خیالات کا اظہار معروف پروڈیوسر، رائٹر و شاعر باؤ اصغر علی نے یواین پی سے ایک ملاقات کے دوران کیا انہوں نے مزید کہا کہاگر اسٹیج ڈرامے کا اسکرپٹ مضبوط، کہانی جاندار، اچھی کاسٹ، بہترین ڈائریکشن ہو تو فحاشی، عریانی، ذومعنی ڈائیلاگ اور بیہودہ رقص کے بغیر بھی کامیابی ملتی ہے۔

لوگ ساس بہو کی کہانیاں ہی دیکھنا پسند کرتے ہیں، صبا فیصل

جتنے بھی مشہور ڈرامے ہیں سب کے سب ساس بہو کی کہانیوں پر مبنی ہیں

لاہور(شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ صبا فیصل نے اپنے تمام ڈراموں کو اچھی ریٹنگز ملنے کی وجہ بتادی ہے۔ صبا فیصل نے اپنے ایک حالیہ انٹرویو میں اپنے ڈراموں کے کامیاب ہونے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ ’ان کے تمام ڈرامیا چھی ریٹنگز حاصل کرتے ہیں کیونکہ ان کے تمام ڈراموں کی کہانیاں ساس بہو کی حد تک ہی محدود رہتے ہیں‘۔ انہوں نے مزید کہا کہ ’پاکستان میں جتنے بھی لوگ ٹی وی دیکھتے ہیں وہ یہی دیکھنا پسند کرتے ہیں‘ انہوں نے کہا کہ ’ہمارے گاؤں اور دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کی ذہنیت ایسی ہی ہے وہاں ایسے ہی مواد کو ترجیح دی جاتی ہے‘۔

زرین خان نے بالی ووڈ میں کامیاب ہونے کا راز بتادیا

ممبئی(شوبز نیوز) بالی ووڈ کی اداکارہ زرین خان نے کہا ہے کہ جب بالی ووڈ کے لوگ اپنے دوستوں کی سفارش کریں گے تو مجھے کس طرح کام ملے گا؟ ساتھ میں انہوں نے فلم انڈسٹری میں کامیابی کا راز بھی بتادیا۔ سن 2010 میں بالی ووڈ کی کامیاب فلم ویر سے اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی زرین، اب سمجھتی ہیں کہ لگ بھگ 13 برس گزر چکے ہیں لیکن ان کی صلاحیتوں سے استفادہ نہیں کیا جارہا۔ ان کے مطابق ممبئی کی فلم انڈسٹری میں اس وقت جو رجحان بڑے پیمانے پر ہے اس میں سب ایک دوسرے کے دوست ہیں اور وہ اپنے دوستوں کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ انہوں کہا کہ ان سے پوچھا جاتا ہے کہ وہ فلموں میں کام کیوں نہیں کر رہی ہیں؟ جس پر بتاتی ہیں کہ ایسا کرنا ان کے ہاتھ میں نہیں۔ انہوں نے تفصیل میں جاتے ہوئے کہا کہ بہت ساری وجوہات ہیں، جس میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس فلم انڈسٹری کا حصہ بنے رہنے کے لیے ضروری ہے کہ سماجی طور پر آپ بہت متحرک ہوں۔

SPORTS سپورٹس

لیجنڈز لیگ؛ آفریدی کی ایشیا لائنز کو پہلی شکست

دوحا، کھیلے گئے میچ میں ایشیا لائنز کی کپتانی کے فرائض مصباح الحق نے سرانجام دیئے

دوحا(سپورٹس نیوز) قطر میں جاری لیجنڈز لیگ کے چوتھے میچ میں انڈیا مہاراجہ ایشیا لائنز کو یکطرفہ مقابلے کے بعد 10 وکٹوں سے شکست دیدی۔ دوحا کرکٹ گراونڈ میں کھیلے گئے میچ میں ایشیا لائنز کی کپتانی کے فرائض مصباح الحق نے سرانجام دیئے جبکہ شاہد آفریدی کو آرام کروایا گیا، پہلے کھیلتے ہوئے مصباح الیون نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 157 رنز بنائے۔ ایشیا لائنز کی جانب سے اوپل تھرنگا 69 رنز بنا کر نمایاں رہے، انکی اننگز میں 7 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے جبکہ دیگر کھلاڑیوں میں دلشان 32، اصغر افغان 15 جبکہ میچ کے اختتامی لمحات نے میں عبدالرزاق نے 17 گیندوں پر 27 رنز بنائے۔ انڈیا مہاراجہ کی جانب سے سریش رائنا نے 2 جبکہ پروین تانبے اور ہربھجن سنگھ نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ ہدف کے تعاقب میں انڈیا مہاراجہ نے اننگز کا آغاز کیا تو اوپنر روبن اتھاپا اور کپتان گوتم گھمبیر نے جارحانہ کھیل پیش کیا، دونوں کھلاڑیوں نے 159 رنز کی ونگ پارٹنرشپ قائم کی اور ٹیم کو 10 وکٹوں سے فتحیاب کروایا۔ روبن اتھاپا نے 39 گیندوں پر 88 جبکہ گوتم گھمبیر نے 36 گیندوں پر 61 رنز بنائے، ایشیا لائنز کا کوئی بھی بولر وکٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہوسکا۔ واضح رہے کہ لیجنڈز لیگ میں انڈیا مہاراجہ کی یہ پہلی فتح تھی جبکہ ایشیا لائنز کو ٹورنامنٹ میں پہلی ہار کا سامنا کرنا پڑا۔

ون ڈے ورلڈکپ، پاکستانی شرکت حکومتی اجازت سے مشروط

جب دیگر ٹیمیں آرہی ہیں بھارت کو پاکستان میں سیکیورٹی پر تشویش کیوں ہے

لاہور(یواین پی) ون ڈے ورلڈکپ میں پاکستانی شرکت حکومتی اجازت سے مشروط ہوگی۔ میڈیا کانفرنس میں نجم سیٹھی نے کہا کہ بھارت کا موقف ہے کہ ایشیا کپ پاکستان سے منتقل کرنا چاہیے، ہمارا یہی کہنا ہے کہ آپ نہیں آتے تو ہمیں بھی ورلڈکپ کا سوچنا پڑے گا، ایشیا کپ کا معاملہ اے سی سی جبکہ ورلڈکپ کا آئی سی سی کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی بھی پاکستان کی ہے، میں میٹنگز میں تمام آپشنز کھلے رکھوں گا مگر ایشیا کپ کے بعد چیمپئنز ٹرافی کا معاملہ بھی آئے گا، اے سی سی سے اس معاملے پر بات کرنا اور کوئی نہ کوئی پوزیشن لینا پڑے گی۔ نجم سیٹھی نے کہا کہ ہم نے اس معاملے پر حکومت سے پوچھا ہے کہ اگر وہ ایشیا کپ میں نہیں آتے تو کیا کریں، اگر پی سی بی کے پیٹرن کہتے ہیں کہ آپ وہاں جا کر کھیلیں تو کھیلنا پڑے گا، ابھی اخباروں میں یہی حکومتی موقف سامنے آیا ہے کہ اگر بھارت یہاں نہیں کھیلا تو پاکستان بھی وہاں نہیں کھیلے گا۔

شعیب خان لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید ٹینس ٹورنامنٹ کے چیمپیئن بن گئے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) شعیب خان لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید ٹینس ٹورنامنٹ کے چیمپیئن بن گئے جبکہ عبداللہ عدنان نے دوسرے نمبر پر رہے۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی میجر جنرل ریٹائرڈ اصغر نواز تھے جنھوں نے ٹورنامنٹ میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔ اس موقع پر بریگیڈیئر رشید ولی جنجوعہ اور ٹورنامنٹ ڈائریکٹر انعام الحق بھی موجود تھے۔ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ پاکستان نمبر2 شعیب خان اور پاکستان نمبر 8 عبداللہ عدنان کے درمیان جی ایچ کیو ٹینس کلب میں کھیلا گیا۔ جس میں شعیب خان نے عبداللہ عدنان کو 6-7 اور 3۔6 سے ہرادیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی میجر جنرل ریٹائرڈ اصغر نواز اور بریگیڈیئر رشید ولی جنجوعہ نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر ٹورنامنٹ ڈائریکٹر انعام الحق، پنجاب لان ٹینس ایسوسی ایشن کے چیئرمین افتخار احمد راؤ اور سیکرٹری رشید ملک مبارکباد دیتے ہوئے ان کی کاوشوں کو بھی سراہا ہے۔ واضح رہے کہ یہ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید ٹینس ٹورنامنٹ شہداء کے نام پر 42 ویں ٹورنامنٹ تھا۔ دیتے ہوئے ان کی کاوشوں کو بھی سراہا ہے۔ واضح رہے کہ یہ لیفٹیننٹ جنرل سرفراز علی شہید ٹینس ٹورنامنٹ شہداء کے نام پر 42 ویں ٹورنامنٹ تھا۔

میدان پر اترنے کے بعد دوستی پیچھے رہ جاتی ہے!، عامر

محمد عامر کی شاہین، بابر اور بھارت میں شیڈول ورلڈ کپ 2023 سے متعلق انٹرویو وائرل

دوحا(یواین پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے آٹھویں ایڈیشن میں کراچی کنگز کی نمائندگی کرنے والے فاسٹ بولر محمد عامر کا کہنا تھا کہ بابراعظم دنیا کے بہترین کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں تاہم میدان پر اترنے کے بعد دوستی پیچھے رہ جاتی ہے، میری اور بابراعظم سے متعلق خبروں کے باعث ایونٹ کو ہائپ ملی۔ دوحا میں جاری لیجنڈز لیگ کے موقع پر بھارتی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے محمد عامر نے پاکستان کے بھارت میں شیڈول ون ڈے ورلڈکپ 2023، شاہین آفریدی اور بابراعظم سے متعلق گفتگو کی ہے۔ صحافی کی جانب سے شاہین سے متعلق سوال کیا گیا کہ، کیا وہ بطور کپتان پی ایس ایل میں کچھ مختلف کرنے کی کوشش کر رہے ہیں؟ جس عامر نے جواب دیا کہ موجودہ دور میں کرکٹ بہت تیز ہوگئی ہے، آپکو فیصلے سیکنڈوں میں لینے پڑتے ہیں جبکہ ٹیکسٹ بک اب بیکار ہو چکی ہے۔ شاہین کا اوپر آکر بیٹنگ کرنا اور ففٹی بنانا اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ وہ بیٹنگ کی پریکٹس کر رہے ہیں۔ بابراعظم سے متعلق کیے گئے سوال ہوا کہ سوشل میڈیا پر پی ایس ایل میں آپکی بابراعظم کو کروائی گئی گیند بازی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے؟ جس پر فاسٹ بولر۔

شاہد فٹ بال کلب لالہ موسی نے افتخار بٹ میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ جیت لیا

اسلام آباد(یواین پی) شاہد فٹ بال کلب لالہ موسی نے افتخار بٹ میموریل فٹ بال ٹورنامنٹ جیت لیا۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب کے مہمانان خصوصی پی ٹی آئی کے مقامی رہنما آصف ملک نے ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن گجرات کے سابق صدر چوہدری نذیر احمد، پنجاب فٹ سال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری چوہدری منیر احمد اور غفار بٹ کے ہمراہ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے۔

مسلسل تیسری بار ناکامی، رونالڈو یلو کارڈ ملنے پر آگ بگولہ ہوگئے

رپورٹ کے مطابق النصر اور ابھا فٹبال کلب کے درمیان کھیلے گئے

ریاض(سپورٹس نیوز)سعودی فٹبال کلب النصر کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو مسلسل تیسرے میچ میں کوئی گول اسکور کرنے میں ناکام رہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق النصر اور ابھا فٹبال کلب کے درمیان کھیلے گئے میچ بھی رونالڈو کوئی گول اسکور نہ کرسکے البتہ انہیں النصر کلب جوائن کرنے کے بعد پہلی بار یلو کارڈ بھی مل گیا۔ کوارٹر فائنل میں النصر کو 0-2 کی برتری حاصل تھی جب رونالڈو کو ریفری کی جانب سے یلو کارڈ دیکھایا گیا اور یوں انہیں میدان بدر ہونا پڑا، اس دوران سٹار فٹبالر نے غصے میں گیند کو لات مار کر دور پھینک دیا تھا۔ سعودی فٹبال کلب النصر کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو مسلسل تیسرے میچ میں کوئی گول اسکور کرنے میں ناکام رہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق النصر اور ابھا فٹبال کلب کے درمیان کھیلے گئے۔

لاہور قلندرز اور ملتان سلطانز کے درمیان کوالیفائر میچ آج کھیلا جائے گا

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 8 اپنے اختتامی مرحل کی طرف گامزن ہے۔ پی ایس ایل میں لاہور قلندرز اور ملتان سلطانز کے درمیان کوالیفائر میچ (آج) بدھ کو لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے زیر اہتمام پی ایس ایل کے آٹھویں ایڈیشن کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے، لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں آج (بدھ کو) لیگ کا کوالیفائر میچ کھیلا جائے گا جس میں لاہور قلندرز اور ملتان سلطانز کی ٹیمیں پنجہ آزمائی کریں گی۔ لاہور قلندرز کی قیادت مایہ ناز فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی کر رہے ہیں جبکہ فخر زمان، ہیری بروک، سکندر رضا، راشد خان، حارث رؤف اور ثام بلنگ جیسے کھلاڑیوں کی نمائندگی بھی حاصل ہے۔ ملتان سلطان کو محمد رضوان لیڈ کر رہے ہیں جبکہ ان کی ٹیم میں شان مسود، عثمان خان، ڈیوڈ ملر، ریلی روسو، کیرون پولارڈ، ٹم ڈیوڈ، کارلوس براتھویٹ، انور علی، عباس آفریدی اور عقیل۔

پاکستان سپورٹس کمپلیکس میں شجر کاری مہم کا آغاز کردیا گیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان سپورٹس کمپلیکس میں شجر کاری مہم کا آغاز کردیا گیا۔ شجر کاری مہم کا افتتاح پاکستان سپورٹس بورڈ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ہوسٹل) فدا محمد خان نے کیا۔ اس موقع پر پاکستان سپورٹس بورڈ کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر ویمن سیل شبانہ یاسر اور صبح نوشاہدہ فاروق بھی موجود تھیں۔ پہلے مرحلہ میں پی ایس بی ملازمین کی کالونی، سوئمنگ پول اور روڈ ھم ہال کے اردگرد کے علاقوں میں لگائے جا رہے ہے اس کے علاوہ دوسرے مرحلے میں پاکستان سپورٹس کمپلیکس کے دیگر علاقوں میں بھی تین سو کے قریب مختلف قسم کے پھل اور سایہ دار درخت لگائے جائیں گے۔

آئی ٹی سی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ 18 مارچ سے شروع ہوگا

خدیجہ لغاری کو ٹورنامنٹ آرگنائزنگ کمیٹی کی چیئرپرسن اور کامران خلیل کو ٹورنامنٹ ڈائریکٹر مقرر

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ٹینس کمپلیکس کے زیر اہتمام اور ایمپیٹس کے تعاون سے آئی ٹی سی اوپن ٹینس ٹورنامنٹ 18 مارچ سے اسلام آباد ٹینس کمپلیکس، اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ ٹورنامنٹ چیف آرگنائزر ڈیوس کپ کوچ فضل سبحان نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ خدیجہ لغاری کو ٹورنامنٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کی چیئرپرسن اور کامران خلیل کو ٹورنامنٹ ڈائریکٹر مقرر کیا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ میں آٹھ کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز، مینز ڈبلز، لیڈیز سنگلز، بوائز انڈر18، لیڈیز انڈر18، بوائز انڈر 14، گرلز انڈر 14، بوائز اینڈ گرلز انڈر 12 اور بوائز اینڈ گرلز انڈر10 کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں۔ ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے 19 مارچ منعقد ہونگے جن کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 16 مارچ 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 16 مارچ 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، طفیل شہید، کرپا، علی پور، سوہدراں روڈ، چراہ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، بی بی شہید ہسپتال، کھنہ روڈ، گلزار قائد ائیر پورٹ، گنگال، ملت آباد فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل،، ایس پی ڈی ٹو،، پی اے ایف، آر آئی سی، گریسی لائن، رحمت آباد دون، جہانگیر روڈ، سی پی آر 1&2 فیڈرز، اٹک سرکل، غور غشتی، مسکین آباد فیڈرز، چکوال سرکل، کلر کہار، جہلم سرکل F-3، گل افشاں، گرمالا، بھگوال، بابا شہید، چھپر شریف، شاہ سفیر فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

اطلاع عام

عوام الناس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مسمی ماجد محمود ولد محمد صادق، مسماۃ سائرہ دختر جاوید کی خلا ہو چکی ہے۔ یہ کہ اقرار نامہ و تصدیق نامہ من مظہران نے بقائمی ہوش وحواس خمسہ بلا جبر واکراہ روبرو گواہان تحریر کر دیا ہے اور بوقت ضرورت کام آوے۔

ساجد محمود ولد محمد صادق، واجد محمود ولد محمد صادق

بقیہ 1

خان نے عدالت کو مزید کہا کہ جعلی اکاؤنٹس کی نوعیت کو دیکھ کر نیب بھی تحقیقات کرسکتا ہے، خود قانون بنانے والے سابق وزیراعظم کی درخواست کو عدالت نے تسلیم کیا تو نئی تاریخ رقم ہوجائے گی۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ کبھی کبھی جو عدالت میں کہوں اس کا وہ مطلب نہیں ہوتا جو سمجھا جاتا ہے، واضح کہہ چکا ہوں کہ کرپشن سے تفریق پیدا ہوتی ہے اور معاشرے میں ناانصافی بڑھتی ہے، تجویز عدالتی تحمل کی دی جاتی ہے لیکن پھر حلف کی پاسداری بھی کرنا ہوتی ہے۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا میرے خیال میں 2019 کی ایمنسٹی سکیم کامیاب رہی جس سے کافی لوگ مستفید ہوئے، آپ نے درخواست گزار کی خامیوں سمیت غلطیوں کو بھی اجاگر کیا ہے، حکومت نے نیب قانون کو وسعت دی جس کو درخواست گزار نے نہیں سراہا، جعلی اکاؤنٹس کی تحقیقات کرنا کس کا اختیار ہے۔ جسٹس منصور علی شاہ نے حکومتی وکیل سے استفسار کیا کہ کیا فیٹف نے کہا تھا کہ منی لانڈرنگ کے معاملات نیب دیکھے، عدالت عظمی نے کیس کی سماعت کل تک ملتوی کردی

بقیہ 2

جاری ہونے کے بعد پولیس گزشتہ روز سے زمان پارک پر موجود ہے جہاں اسے پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا ہے۔ اسی صورتحال کے پیش نظر آج مال روڈ، دھرم پورہ، جیل روڈ، گڑھی شاہو کے اسکول اور کالج بند رہیں گے، کمشنر لاہور کا کہنا ہے کہ آج مغل پورہ اور میاں میر کے اسکول اور کالج بھی بند رہیں گے۔ واضح رہے کہ لاہور میں زمان پارک کے باہر پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (اور پولیس کے درمیان کشیدگی برقرار ہے، پولیس نے عمران خان کی گرفتاری کے لیے گزشتہ روز آپریشن شروع کیا تھا جس کے بعد پی ٹی آئی کے کارکن ملک گیر احتجاج کررہے ہیں۔

بقیہ 3

کہ آنسو گیس اور واٹر کینن کے بعد اب انہوں نے براہ راست فائرنگ کا سہارا لیا ہے، میں نے کل شام ایک ضمانتی بانڈ پر دستخط کیے، ڈی آئی جی نے اسے بھی قبول کرنے انکار کردیا۔ عمران خان نے مزید کہا کہ ان کی بدنیتی اور ناپاک عزائم میں کسی قسم کا ابہام باقی نہیں۔ واضح طور پر گرفتاری کا دعوی محض ایک ڈرامہ تھا جبکہ اصل نیت اغوا اور قتل کی ہے، آنسو گیس اور آبی توپوں کیبعد اب یہ سیدھی فائرنگ پر اتر آئے ہیں۔ کل شام میں نےضمانتی بانڈ بھی مہیا کیا مگر DIG نے وصول تک کرنے سیانکار کردیا۔ انکی بدنیتی اور ناپاک عزائم میں کسی قسم کا ابہام باقی نہیں۔

بقیہ 4

بم پھینک رہے ہیں اور آگ لگا رہے ہیں۔ خان صاحب کو سمجھائیں ورنہ لوگ اور پولیس والے مارے جائیں گے۔ صدر عارف علوی نے مبینہ طور پر یاسمین راشد کو جواب دیا کہ میں کچھ کرتا ہوں۔ میں نے اسد عمر سے تو بات کی تھی۔ یاسمین راشد نے کہا کہ یہ سب ہوا تو الیکشن ملتوی ہوجائیں گے جو ہمارا مقصد تھا۔ میں اس سب سے پہلی دفعہ باہر ہوں۔ فون تو کردیئے ہیں۔ عارف علوی نے یاسمین راشد سے مبینہ طور پر کہا کہ میں دوبارہ اسد عمر سے بات کرتا ہوں جس پر یاسمین راشد نے کہا کہ آپ شاہ جی سے بھی بات کریں۔ اس سے قبل یاسمین راشد اور اعجاز شاہ کی سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی مبینہ آڈیو میں دونوں عمران خان کی ممکنہ گرفتاری سے متعلق گفتگو کررہے ہیں۔ یاسمین راشد مبینہ طور پر اعجاز شاہ سے کہہ رہی ہیں کہ عمران خان نے کہا ہے کہ سارے ارکان صوبائی اور قومی اسمبلی بندے لے کے پہنچیں۔ جو نہیں پہنچے گا اسے ٹکٹ نہیں دوں گا۔ خان صاحب نے یہ بات ڈائرکٹ کہی ہے۔ اس پر مبینہ طور پر اعجاز شاہ نے یاسمین راشد کو جواب دیا کہ میں سب کو فون کررہا ہوں۔ یاسمین راشد نے مبینہ طور پر کہا کہ عمران خان نے کہا ہے کہ میری طرف سے یہ پیغام سب کو پہنچا دیں۔ دوسری جانب یاسمین راشد نے اعجاز شاہ کے ساتھ ہونے والی گفتگو کی آڈیو لیک کی تصدیق کردی۔ یاسمین راشد کا کہنا تھا کہ میں پارٹی کی صدر ہوں کیا اپنے لوگوں کو نہیں بلاؤں گی۔ ہمارے لوگ 23 گھنٹے سے سڑکوں پر ہیں۔ ان پر شیلنگ اور تشدد کیا جارہا ہے۔ آڈیو میں کوئی متنازع بات نہیں کی۔

بقیہ 5

مگر عدالتوں میں جانا ان کیلئے محال ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عمران نیازی کی حکومت اور حواریوں نے جعلی کیسز بنائے تھے، کبھی کسی نے یہ نہیں کہا کہ میں نہیں آں گا یا میں بیمار ہوں، رانا ثنااللہ پر جعلی بے بنیاد کیس بنایا گیا، رانا ثنا اللہ کو گھر کا کھانا نہیں ملتا تھا، کوئی بھی سیاسی پارٹی الیکشن سے بھاگ نہیں سکتی ورنہ اس کا وجود ختم ہو جائے گا، ہم الیکشن کمیشن کے فیصلے کے ساتھ چلیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بات نکلے گی تو بہت دور تلک جائے گی، آج وہ شخص جو سب چیزیں خود کرتا ہے اس کا الزام ہمیں دے رہا ہے، آپ نے انصاف کی عدالتوں کا ملیامیٹ کردیا، آپ دنیا کو کیا پیغام بھیج رہے ہیں؟، عمران خان نیازی اگر یہ کہتے ہیں کہ میں صادق اور امین ہوں تو بہت بڑا جھوٹ بول رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تحائف بیچ ڈالے یہ ہے اصل جرم، سب سے متبرک تحفہ جس پر خانہ کعبہ کا ماڈل تھا وہ ان کو ملا اور اس کو بیچ دیا اور قوم کے آگے جھوٹ بولا، بہت چبھتے ہوئے سوالات ہیں جن کا جواب پوری قوم کو چاہیے، عدل کا ترازو برابر ہوتا ہے اور آنکھیں بند کرکے فیصلے کرتا ہے، یہاں آنکھیں کھول کر عدل کی دھجیاں اڑائی گئی ہیں۔

بقیہ 6

گولڈن جوبلی تقریب کے موقع پر سینیٹ آف پاکستان کے خصوصی اجلاس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا 1973 کا آئین تھا جس نے سینیٹ کے نام سے پاکستان کے پارلیمانی نظام کو دو ایوانوں پر مشتمل کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبائی خودمختاری صوبوں کا دیرینہ مطالبہ اور حق تھا جو آئین میں 18 ویں ترمیم کے ذریعے عمل میں لایا گیا۔

اٹھارویں ترمیم کے بعد سینیٹ کو ایک نیا اور متحرک کردار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے ذریعے ملک میں پارلیمانی جمہوریت کو مضبوط کیا گیا۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی)پی اے سی (میں سینیٹرز کی شمولیت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ بھی ایک تاریخی پیشرفت ہے جو منظم اور مسلسل کوششوں سے حاصل ہوئی ہے۔ انہوں کہا کہ دو ایوانوں والی مقننہ کثیر الثقافتی فیڈریشنوں کی ضرورت بن گئی ہے کیونکہ یہ قانون سازی اور احتساب کے عمل میں حصہ لینے کے لیے یکساں نمائندگی دے کر وفاق کی اکائیوں کی ضروریات کو بہترین طریقے سے پورا کرتی ہیں۔ سینیٹ کی طرف سے پیش کردہ اہم کردار پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس نے ایگزیکٹو کی طاقت کو جانچنے کا کام کیا ہے اور قانون سازی کی پالیسیوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن گزشتہ 50 سالوں کی عکاسی کرتا ہے۔ ہمیں فخر ہے کہ جمہوریت، شفافیت اور احتساب کو فروغ دینے میں سینیٹ آف پاکستان کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ سپیکر راجہ پرویز اشرف نے ان تمام لوگوں کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے گزشتہ نصف صدی کے دوران سینیٹ آف پاکستان میں خدمات سرانجام دیں اور ان تمام لوگوں کو خراج تحسین پیش کیا جو اس ایوان میں خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی گولڈن جوبلی منائی جارہی ہے جو پوری قوم کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کو تہہ دل سے خراج عقیدت پیش کیا جن کی قیادت میں 1973 کا آئین تیار کیا گیا اور آج وہ ملک کا متفقہ قانون ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین جمہوریت کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کے اصولوں کو بیان کرتا ہے اور بنیادی حقوق اور آزادیوں کے لیے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ سپیکر راجہ پرویز اشرف نے مزید کہا کہ پاکستان وقت کے کے مشکل موڑ پر کھڑا ہے، ملک کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے، لیکن ہمارے پاس بہت سے مواقع بھی موجود ہیں جن سے استفادہ کرکے ملک کو درپیش چیلنجز نے نکالا جاسکتا ہے۔ انہوں نے ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پارٹی سیاست، ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ سپیکر راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ ملک کے خوشگوار واقعات کی یاد بہت اہمیت کی حامل ہے، کیونکہ اس طرح کے اہم ایونٹس مشترکہ تاریخ پر غور کرنے، کامیابیوں کا جشن منانے اور پاکستانی قوم کی تعریف کرنے والے اقدار اور اصولوں سے وابستگی کی تجدید کی طرف توجہ دلاتے ہیں۔

بقیہ 7

ایم پی ایز اور ایم این ایز کو فون کروو وہ بندے لے کر زمان پارک پہنچیں۔ یاسمین راشد نے کہا کہ عمران خان نے کہا ہے میری طرف سے پیغام دے دو جو نہیں پہنچے گا اسے ٹکٹ نہیں ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ بات عمران خان نے مجھ سے براہ راست کی ہے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے بعد پولیس گزشتہ روز سے زمان پارک پر موجود ہے جہاں اسے پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا ہے اور لاہور میں زمان پارک کے باہر پاکستان تحریک انصاف اور پولیس کے درمیان کشیدگی کا ماحول بنا ہوا ہے

بقیہ 8

اور خطے کی سیکیورٹی سے متعلق اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ دوسری جانب اسلام آباد اور لاہور پولیس کی جانب سے پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان کی گرفتاری کے لیے گزشتہ روز آپریشن شروع کیا گیا تھا جس کے بعد پی ٹی آئی کے کارکن ملک گیر احتجاج کررہے ہیں

بقیہ 9

ہے۔ گزشتہ روز اپنے ایک ٹویٹ میں چیئرمین قومی وطن پارٹی آفتاب احمد خان شیر پاؤ نے کہا کہ عمران نیازی عدالتی فیصلوں اور قانون کا احترام کرنے کی بجائے جلاؤ گھیراؤ اور تصادم کو ہوا دے رہا ہے، خود کو قومی لیڈر کہنے والا بزدل شخص گرفتاری سے بچنے کے لیے عام ورکرز کو ڈھال بنا کر نظام کو مفلوج کرکے اپنی سیاست کی جھوٹی انا کی تسکین چاہتا ہے۔

بقیہ 10

پولیس اہلکاروں پر حملے کیخلاف مقدمہ تھانہ کھنہ اسلام آباد میں درج کرلیا گیا۔ مقدمہ ایس ایچ او کھنہ اور سب انسپکٹر کی مدعیت میں درج کیا گیا، مقدمہ میں انسداد دہشتگردی، کار سرکار میں مداخلت، راستہ روکنے، پولیس اہلکاروں پر حملہ آور ہونے سمیت دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں۔ مقدمہ میں عمران خان، شاہ محمود قریشی سمیت مقامی قیادت اور نامعلوم ملزم شامل کیے گئے ہیں۔ ایک مقدمے میں 19 برائے نام اور 50 سے 60 نامعلوم کارکنان شامل دوسرے مقدمے میں 8 برائے نام اور 70 سے 80 نامعلوم کارکنان شامل ہیں۔ دوسری جانب عمران خان کی ممکنہ گرفتاری کے خلاف کراچی میں احتجاج کے معاملے پر پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف ایک اور مقدمہ کراچی تھانہ پیرآباد میں ایم پی اے سعید آفریدی و کارکنوں کیخلاف درج کیا گیا ہے۔ مقدمیمیں ہنگامہ آرائی اور جلاؤ گھیراو کی دفعات شامل ہیں، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ سعید آفریدی ساتھیوں کیساتھ وفاقی حکومت کیخلاف احتجاج کررہےتھے، مظاہرین نےپولیس موبائل کو دستی پتھراو اور ہنگامہ آرائی کی۔ یادرہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان پر اب تک 80 کے قریب مقدمات درج ہو چکے ہیں۔

بقیہ 11

شان گل عدالت میں پیش ہوئے۔ عمران خان کے وکیل نے کہا کہ میں عمران خان کا دفاع نہیں کررہا لیکن جو زمان پارک کے باہر ہورہا ہے وہ بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے، جنگی زون بن چکا ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ عمران خان معاملہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں زیر سماعت ہے، یہ درخواست لاہور ہائیکورٹ میں قابل سماعت نہیں ہے۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے کہا کہ جو بھی اسلام آباد پولیس کی طرف سے آپریشن لیڈ کررہا ہے ہم اسے بلا لیتے ہیں، اس معاملے کو کسی طرح ٹھیک بھی تو کرنا ہے، اگر اسلام آباد پولیس کے افسر عدالت میں پیش نہ ہوئے تو ہم انکے وارنٹ جاری کریں گے۔ وکیل وفاقی حکومت نے کہا کہ اسلام آباد پولیس لاہور ہائیکورٹ کے دائرہ اختیار میں نہیں آتی۔ عدالت نے چیف سیکرٹری پنجاب، آئی جی پنجاب اور اسلام آباد پولیس کی طرف سے آپریشن کی سربراہی کرنے والے افسر ڈی آئی جی آپریشنز اسلام آباد شہزاد بخاری کو فوری پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ وقفے کے بعد آئی جی پنجاب عدالت میں پیش ہوئے تو جسٹس طارق سلیم شیخ نے ان سے کہا کہ اگر ہم اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے تک آپریشن روک دیں تو کوئی اعتراض ہے؟ آئی جی پنجاب نے جواب دیا کہ ہم عدالت کے ہر حکم پر عمل درآمد کے پابند ہیں۔ لاہور ہائیکورٹ نے کل صبح دس بجے تک پولیس آپریشن روکنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 12

وزیراعظم شہباز شریف عنقریب اس کا افتتاح کریں گے، گیس پائپ لائن منصوبے کے لئے انٹرنیشنل فنڈنگ درکار ہے لیکن عالمی پابندیاں اس میں رکاوٹ ہیں، فیصلہ کیا ہے اس منصوبے کا سائز چھوٹا کرکے پہلے خود وسائل کا انتظام کریں گے اور اس کے بعد انٹرنیشنل فنڈنگ کے حصول کیلئے کوششیں کی جائیں گی، مانسہرہ میں پاکستان کا سب سے بڑا 765 کے وی کا گرڈ اسٹیشن بننا ہے جو پہلے مرحلے میں داسو سے بجلی لے کر آئے گا، قوی امکان ہے کہ اگلے تین ماہ میں مانسہرہ گرڈ اسٹیشن کا منصوبہ مکمل ہو جائے گا جس سے پاکستان کو سستی، ماحول دوست کلین اینڈ گرین بجلی میسر آئے گی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی کے خاص کرم سے وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں گوادر کے رہنے والوں کے لئے بجلی کی وافر اور مستقل فراہمی کا معاملہ حل کر دیا گیا ہے۔ گزشتہ سال جون میں ایران کے ساتھ گوادر کو اضافی 100 میگا واٹ بجلی کی فراہمی کا معاہدہ کیا گیا تھا، گزشتہ ماہ پاکستان نے اپنی طرف 29 کلومیٹر کی ٹرانسمیشن لائن مکمل کر دی تھی جبکہ اسی طرح ایران نے بھی اپنی طرف کا کام مکمل کر دیا ہے، تکنیکی طور پر لائن مکمل تیار ہے، ایک واحد رکاوٹ بجلی کی فراہمی کا حتمی معاہدہ تھا وہ بھی دو روز قبل تہران میں طے پا گیا ہے۔ آنے والے ہفتوں میں وزیراعظم شہباز شریف گوادر کو بجلی کی فراہمی اور ٹرانسمیشن لائن کا افتتاح کر دیں گے، یہ گوادر کے مستقبل کیلئے ایک انتہائی اہم پیشرفت ہے، جس سے وہاں آنے والی خوشحالی سے لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وہاں بندرگاہ ہے، نیا ائیر پورٹ تعمیر ہو رہا ہے، ڈی سیلی نیشن پلانٹ لگنا ہے جس سے وہاں بجلی کی معقول مقدار میں دستیابی ہوگی۔ یہ بھی امید ہے کہ دنیا کے جو سرمایہ کار شاید توانائی کی کمی کی وجہ سے گوادر کی طرف نہیں دیکھ رہے تھے وہ اس طرف متوجہ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ نے ریگولیٹری معاملات کی منظوری دینی ہے، ٹیرف کے حوالے سے بھی جلد آگاہ کر دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے اپریل 2022 سے اب تک تھرکول سے 2 ہزار میگاواٹ نئی بجلی نئی شامل کی ہے، اس کے لئے نئی ٹرانسمیشن لائن زیر تعمیر ہے، یہ غالباً این ٹی ڈی سی اور وزارت توانائی کا سب سے بڑا پراجیکٹ ہے، امید ہے کہ موسم گرما کی آمد سے پہلے یہ ٹرانسمیشن لائن بھی مکمل کر دیں گے اور اس کے بعد تھر سے بجلی کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ نہیں آئے گی۔ انہوں نے بتایا کہ داسو اور دیامیر بھاشا کے منصوبوں کے لئے جو ٹرانسمیشن لائن بننی ہے اس کے لئے سب سے پہلے مانسہرہ میں پاکستان کا سب سے بڑا 765 کے وی کا گرڈ اسٹیشن بننا ہے جو پہلے مرحلے میں داسو سے بجلی لے کر آئے گا، یہ ورلڈ بینک کا فنڈڈ پراجیکٹ ہے، اس کیلئے زمین حاصل کر لی گئی اور اس کا کنٹریکٹ بھی ایوارڈ کر دیا گیا ہے، قوی امکان ہے کہ اگلے تین ماہ میں مانسہرہ گرڈ اسٹیشن کا منصوبہ مکمل ہو جائے گا اور پاکستان کو سستی، ماحول دوست کلین اینڈ گرین بجلی میسر آئے گی۔

بقیہ 13

۔ وفاقی حکومت نے انسپکٹر جنرل (آئی جی) گلگت بلتستان محمد سعید وزیر کو عہدے سے ہٹا دیا ہے۔ محمد سعید کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ صوبہ خیبر پختونخوا سے گریڈ 20 کے پولیس افسر ڈار علی خٹک کو گلگت بلتستان کا نیا آئی جی مقرر کردیا گیا ہے۔

بقیہ 14

گے، عمران خان ان کے ہاتھوں محفوظ نہیں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ اور لاہور ہائیکورٹ میں ہماری ٹیمیں موجود ہیں، کیا وجہ ہے کہ ہماری درخواستیں نہیں سنی جارہی، سی سی پی او اسلام آباد اپنی شیلنگ سے بے ہوش ہوگیا، پاکستان بڑے بحران کا شکار ہے۔ ادھر پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری اور عمران خان کی لیگل ٹیم چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی عدالت میں پیش ہوئی، اس دوران عمران خان کی گرفتاری کے وارنٹ فوری ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا، فواد چوہدری نے عدالت سے کہا کہ تحریک انصاف کے ساتھ غلط برتاؤ برتا جارہا ہے، اس پر چیف جسٹس امیر بھٹی نے کہا کہ پٹیشن کے بغیر کیسے سن سکتے ہیں؟ وکیل اظہر صدیق نے کہا کہ ہم پٹیشن تیار کررہے ہیں۔ فواد چوہدری نے عدالت سے استدعا کی کہ آپ سی سی پی او کو طلب کرکے آپریشن کو روکیں، اس پر جج نے استفسار کیا کہ پٹیشن کے بغیر کیسے آرڈر جاری کر سکتے ہیں؟ عدالت نے سوال کیا کہ ناقابل ضمانت وارنٹ کب جاری ہوئے ہیں، اس پر وکیل اظہر صدیق نے بتایا کہ یہ پرسوں جاری ہوئے اور 18 مارچ کو پیش ہونا ہے۔ عدالت نے کہا کہ یہ اسلام آباد کا معاملہ ہے آپ وہاں جائیں، اس پر فواد چوہدری نے کہا کہ یہ لوگوں کی زندگیوں کا معاملہ ہے، ہم آدھے گھنٹے میں پٹیشن دائر کر رہے ہیں، آپ حکم جاری کردیں کہ پٹیشن کو فوری فکس کیا جائے۔ فواد چوہدری کی استدعا پر عدالت نے کہا کہ میں کیوں ایسا حکم جاری کروں جو سسٹم ہے اسی کے مطابق کیس فکس ہوگا، رات سے معاملہ چل رہا تھا تو آپ کو صبح ساڑھے 8 بجے پٹیشن لانی چاہیے تھی۔ اس پر وکیل نے کہا کہ ہم نے عمران خان کے دستخط کرانے کی کوشش کی لیکن ممکن نہیں ہوسکا، اس پر عدالت نے کہا کہ ان کے دستخط کی ضرورت نہیں، کوئی اور کردے۔

بقیہ 15

نے گرفتار کرنا ہوتا تو ریاستی طاقت بھی موجود تھی اور وہ اختیار بھی موجود تھا جسے عمران خان نے پچھلے 4 سال اپنے سیاسی مخالفین کو جیل میں ڈال کر استعمال کیا۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ عدالت وارنٹ جاری کرتی اور پھر ریلیف کا حکم جاری کرتی ہے۔ عدالت نے ریلیف ہی دینا ہے تو پولیس والوں کے سر نہ پھٹوائے۔ عمران خان جھوٹا ہے کوئی حفاظتی ضمانت موجود نہیں۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ایک بزدل، غیر ملکی ایجنٹ، توشہ خانہ چور، گھڑی چور، ٹیرین کا والد اور توہین عدالت کا مجرم پولیس سے بھاگ رہا ہے۔ ایک گیدڑ نے بچوں اور عورتوں کے انسانی مورچے میں پناہ لی ہوئی ہے۔ عمران نام کے ساتھ اب خان نہ لکھے گیدڑ لکھے۔ خان بہادر ہوتے ہیں اور جھوٹ نہیں بولتے۔ بے گناہوں کو ڈھال نہیں بناتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام کو معلوم ہونا چاہیے کہ عمران خان فارن فنڈنگ، ٹیرین کیس، توشہ خانہ اور زیبا جج کی توہین عدالت کے کیسز میں مطلوب ہے۔

بقیہ 16

آگئے ہیں، عمران خان کی جان کو نقصان ہوا تو حکمرانوں کو بھاری قیمت ادا کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا سپریم کورٹ کا الیکشن کا فیصلہ آخری ہے، ورنہ دمادم مست قلندر ہوگا، رانا ثنااللہ کو عمران خان چارپائی کے نیچے نظر آرہا ہے، اپنی چارپائی کے نیچے ڈانگ پھیرلے، وقت تھوڑا ہے اور مقابلہ سخت۔ سابق وزیرداخلہ کا کہنا تھا کہ کیا لاہور میں پولیس نہیں جو ہر روز اسلام آباد سے زمان پارک پولیس بھیجی جاتی ہے، حالات اتنے خراب ہوگئے ہیں کہ زلمے خلیل زاد ہی نہیں بولے، بلکہ امریکی خصوصی ایلچی مونیکا مدینا آج 3 دن کے لئے پاکستان پہنچ رہی ہیں۔ شیخ رشید نے مزید کہا کہ آئی ایم ایف نے 7 کے بجائے 6 ارب ڈالر بیرونی فنانسنگ پر اتفاق تو کیا ہے لیکن ملکی حالات کسی اور طرف جارہے ہیں۔

بقیہ 17

کے ڈویژن اور حالیہ سیلاب میں بلوچستان کے متاثرین کی امداد و بحالی پر خصوصی توجہ پر خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 18

جس کیلئے خون کی ہولی کھیلنے سے بھی دریغ نہیں کیا گیا، قوم نے واضح بتا دیا ہے کہ وہ اب مزید غلامی برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ زمان پارک میں گفتگو کرتے ہوئے مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ چند ظالموں کی اناء کی تسکین کیلئے پاکستان کو تباہ کیا جارہا ہے، پوری ریاست ایک چور خاندان کے سامنے جھکی ہوئی ہے، نہتے لوگوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ دیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف اور مریم نواز الیکشن سے فرار کیلئے خون چاہتے ہیں اور ان کی خواہش کی تکمیل کیلئے خون کی ہولی کھیلنے سے بھی دریغ نہیں کیا جارہا۔ انہوں نے کہا کہ ذمہ داران سے اپیل ہے کہ وہ ایک مفرور اور اس کی بیٹی کی خوشنودی کیلئے ملک کے نظام اور اس کی سلامتی سے کھلواڑ نہ کریں، جو بھی اپنے اختیارات سے تجاوز کررہا ہے اسے اپنے کئے کا حساب دینا ہوگا اور ہم آئین و قانون کے مطابق یہ حساب لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز وزیراعظم بننے کے خواب دیکھ رہی ہے، انتخابات ہونے دیں اس کے سارے خواب جاتی امراہ کی چار دیواری کے اندر دفن ہوجائیں گے

بقیہ 19

کہ اللہ تعالی مرحوم کی مغفرت اور درجات بلند کرے اور غمزدہ خاندان کو یہ صدمہ حوصلے اور صبر سے برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی، قائد ایوان سینیٹ سینیٹر اسحاق ڈار، قائد حزب اختلاف سینیٹ سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے بھی روزنامہ جنگ کے صحافی تنویر ہاشمی کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اپنے الگ الگ تعزیتی پیغامات میں غمزدہ خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے دعا کہ اللہ تعالی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور غمزدہ خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 20

وزیراعلی سندھ کے ساتھ ساتویں خانہ و مردم شماری کے بارے میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے، انہوں نے صوبائی عہدیداروں سے درخواست کی کہ وہ پاکستان بیورو آف سٹیٹسٹکس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ لاجسٹک اور انسانی وسائل کی بروقت فراہمی کے ذریعے مردم شماری کی مشق کو آسانی سے انجام دیا جاسکے۔ وزیر اعلی سندھ سے وزیر (PD&SI) پروفیسر احسن اقبال کی ملاقات صبح 10 بجے وزارت پی ڈی & ایس آئی سیکرٹریٹ میں ہوئی۔ ملاقات کا بنیادی مقصد ملک میں جاری ڈیجیٹل خانہ و مردم شماری مشق پر سندھ حکومت کے خدشات و تحفظات کو دور کرنا تھا۔ سندھ کابینہ کے اراکین اور PBS، NDRA اور NTC کے سینئر افسران نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ ممبر (SS/RM) محمد سرور گوندل، اور PBS کے ترجمان نے فورم کو مردم شماری کی سرگرمیوں کی تازہ ترین پیشرفت اور تخمینی اعداد کی صوبہ وار پوزیشن کے ساتھ اپ ڈیٹ کیا۔ انہوں نے فیلڈ میں درپیش مسائل، مردم شماری سپورٹ سینٹرز اور نادرا کی ٹیموں کے ذریعے فیلڈ سٹاف کو فراہم کی جانے والی تکنیکی معاونت، ورکنگ گروپس کے ذریعے ہیڈ آفس میں مردم شماری کے کام کا انتظام، ڈیٹا کی تصدیق اور معیار کے لیے کمپیوٹر اسسٹڈ ٹیلی فونک انٹرویوز (CATI) کے آغاز کے بارے میں آگاہ کیا۔ سیلاب 2022 کی وجہ سے داخلی مہاجرین، غیر ملکیوں کی گنتی کا طریقہ کار اور جیو ٹیگنگ کے ذریعے بلاک سطح پر کام کی تکمیل کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعلی سندھ کی طرف سے اٹھائے گئے خدشات میں مردم شماری کے ضلعی افسران کو ڈلیش بورڈز کی فراہمی کو یقینی بنانا اس بات کی توثیق کرنا ہے کہ یوسی میں تمام گھروں کی گنتی ہے یا نہیں، خاندان کے افراد کی تصدیق، سیلاب متاثرین کی گنتی کے لیے ایک جامع طریقہ کار، مرکزی دھارے پر ایک موثر تشہیری مہم، میڈیا اور آگاہی عام عوام کے لیے مردم شماری کے پیغام کے ساتھ رنگ بیک ٹون کا نفاذ کرنا ہے۔ نادرا اور این ٹی سی کے نمائندوں نے یقین دلایا کہ سندھ حکومت کے تمام خدشات دور کیے جائیں گے۔ ڈلیش بورڈز تک رسائی پہلے ہی فراہم کردی گئی ہے۔ ڈیجیٹل مردم شماری روایتی مردم شماری سے مختلف ہے کیونکہ اس میں زیادہ شفاف، موثر طریقہ کار اپنایا گیا ہے اور یہ حقیقی وقت میں پیش رفت کی نگرانی کو بھی قابل بناتا ہے۔ صوبائی حکومت کی نگرانی تک رسائی سیقابل اعتماد اور ملکیت بڑھانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے سندھ حکومت سے مزید درخواست کی کہ وہ مشق کے ہموار انعقاد کے لیے تعاون کریں۔ یہ بھی درخواست کی گئی کہ نمایاں مسائل کے حل کے بعد چلتے ہوئے نظام میں مزید کوئی تبدیلی لانا مشکل ہوجائے گا۔

بقیہ 21

فائرنگ کی جارہی ہے۔ رینجرز کی نقل و حرکت ایسی ہے گویا وہ میدان جنگ میں کسی دشمن سے لڑ رہے ہوں۔ شیریں مزاری نے مزید کہا کہ کیا پاکستانی شہری ان کے دشمن ہیں؟۔ یہ سب لندن میں بیٹھے ایک مجرم کو خوش کرنے کے لیے کیا جارہا ہے۔ شیریں مزاری نے کہا کہ یہ ریاست کی جانب سے شرمناک اقدام ہے۔۔ یہاں واضح رہے کہ عمران خان کی رہائشگاہ زمان پارک کے باہر پی ٹی آئی کارکن صبح سویرے ہی آمنے سامنے آگئے تھے۔ پی ٹی آئی کے کارکنوں کی جانب سے پتھراؤ کیا گیا جبکہ پولیس کی جانب سے کارکنان کو منتشر کرنے کے لیے ایک بار پھر آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی۔ پولیس نے صبح سویرے 3 بجے اطراف دھرم پورہ، مال روڈ اور سندر داس روڈ سے زمان پارک کی جانب پیش قدمی کی۔ پولیس گیٹ نمبر 1 پر پہنچی تاہم پی ٹی آئی کارکنوں کے پتھراؤ اور حملوں کے بعد پولیس پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوگئی۔ مظاہرین کی جانب سے پولیس کی واٹر کینن جلا دی۔ پولیس کی گاڑی کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔

بقیہ 22

کی لڑائی پر بڑا جوا لگا ہوا ہے اگر بروقت کاروائی کی جائے تو جواری رنگے ہاتھوں گرفتار ہو سکتے ہیں انچارج چوکی قاضیاں نے ریڈنگ ٹیم تشکیل دی اور نواحی علاقہ بنڈیالہ میں جہاں مرغوں کی لڑائی جاری تھی پولیس نے ریڈ کرکے 13 کس قمار بازوں کو دھرلیا اور داؤ پر لگی رقم مبلغ 5 لاکھ، 2 عدد اصیل مرغے، 9 عدد موٹر سائیکلز اور موبائل فون اپنے قبضے میں کر کے ملزمان کے خلاف قمار بازی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے پابند سلاسل کردیا ایس ایچ او تھانہ گوجر خان ملک محمد نواز نے کہا کہ قمار بازی ایک بری لت ہے جو کہیں برائیوں کو جنم دیتی ہے قمار بازوں کے خلاف کاروائیاں بلا تفریق جاری رہیں گی گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے عدالت سے سزا یاب کروایا جائے گا انچارج چوکی قاضیاں کی اس کاروائی پر اہل علاقہ نے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ افراد منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیاں عمل میں لانا علاقے کو پرامن بنانے اور نوجوان نسل کو دیگر برائیوں سے دور رکھنے کے لئے بہترین عمل اہلیان علاقہ نے پولیس کی ایسی کاروائیوں پر خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے ان احسن اقدام کا خیر مقدم کیا

بقیہ 23

''بی ون'' تحریری ٹیسٹ پولیس لائنز میں لیا گیا۔ ٹیسٹ میں 1000 سے زائد امیدواران نے حصہ لیا۔ ایس ایس پی آپریشنز نے اس موقع پر کہا کہ امتحان میں کامیاب ہونے والے کانسٹیبلان کو انٹرویو کے بعد بی ون کیٹگری میں درج کیا جائے گا اور لوئر کلاس کورس کرنے کیلئے بھجوایا جائے گا۔ اس موقع پر ایس پی جڑانوالہ ڈویژن بلال سلہری اور ڈی ایس پی شہزاد علیانہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 24

یک بار پھر آنسو گیس کی شیلنگ کی گئی۔ پولیس نے صبح سویرے 3 بجے اطراف دھرم پورہ، مال روڈ اور سندر داس روڈ سے زمان پارک کی جانب پیش قدمی کی۔ پولیس گیٹ نمبر 1 پر پہنچی تاہم پی ٹی آئی کارکنوں کے پتھراؤ اور حملوں کے بعد پولیس پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوگئی۔ مظاہرین کی جانب سے پولیس کی واٹر کینن جلا دی۔ پولیس کی گاڑی کو بھی نقصان پہنچایا گیا۔ پولیس نے جوابی ایکشن کرتے ہوئے پی ٹی آئی کارکنوں پر لاٹھی چارج کیا اور پانی کی توپ سے دھلائی کی۔ خیال رہے کہ گذشتہ روز اسلام آباد پولیس، پنجاب پولیس تحریک انصاف کے کارکنوں کو پسپا کرنے میں ناکام ہوئی تو پنجاب رینجرز کو طلب کیا گیا، تاہم اس کے باوجود عمران خان کی گرفتاری اب ناممکن لگ رہی ہے۔ پولیس کی جانب سے تقریباً 500 کے قریب آنسو گیس شیل فائر کیے گئے، لاٹھی چارج کیا گیا، واٹر کینن استعمال کی گئی، فورسز نے بھرپور قوت کا استعمال کیا لیکن تحریک انصاف کے کارکن بالکل پسپا نہیں ہوئے۔ کارکنوں نے شدید لاٹھی چارج، واٹر کینن اور آنسو گیس شیلنگ کے باوجود پولیس کو زمان پارک سے آدھا کلومیٹر دور کینال روڈ پر دھکیل دیا۔ زمان پارک میں پہلے سے ہی کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے فورسز کے سامنے پسپائی اختیار نہیں کیا، جبکہ لاہور بھر سے مزید ہزاروں کارکن زمان پارک امڈ آئے جس کے بعد زمان پارک میں عمران خان کی گرفتاری کیلئے گئی پولیس خود گھیرے میں آگئی۔

بقیہ 25

راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ گرفتار اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 26

انسداد پولیو مہم جاری ہے، والدین اپنے بچوں کو ضرور قطرے پلوائیں۔ بدھ کو وزارت صحت سے جاری بیان کیمطابق وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پولیو مہم کا پہلا مرحلہ 17 مارچ تک جاری رہے گا۔ پہلے مرحلے میں پنجاب کے 13 اضلاع، سندھ کے 16 اضلاع اور اسلام آباد پر مشتمل ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ اپنے 5 سال سے کم عمر کے تمام بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں اور فرنٹ لائن ورکرز کے ساتھ تعاون بھی کریں۔ انہوں نے کہا کہ مطلوبہ ہدف والدین کے تعاون سے حاصل کرسکتے ہیں۔ پولیو کے خاتمے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ کسی بھی قسم کی شکایت یا معلومات کے ہیلپ لائن نمبر 1166 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 27

مطابق تھانہ صدر تاندلیانوالہ کے علاقہ چک نمبر 417 گ ب میں نامعلوم ملزمان نے 8 سالہ بچے کو بے دردی سے زیادتی کے بعد قتل کردیا۔ سفاک ملزمان نے مقتول فیضان کو تیز دھار آلہ سے قتل کرکے اسکی نعش کھیتوں میں پھینک دی۔ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے فیصل آباد کے نواحی علاقہ تاندلیانوالہ میں زیادتی کے بعد بچے کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ ایس پی صدر ڈویژن اظہر نے میڈیا کو بتایا کہ ملزمان کی گرفتار کیلئے مسلسل پولیس کی ٹیمیں متحرک ہیں۔ پانچ شواہد پر کام ہورہا ہے جسے پبلک نہیں کیا جاسکتا ہے۔ ملزمان کی گرفتاری کیلئے جدید وسائل بروئے کار لارہے ہیں۔ جلد ملزمان کرلو گرفتار کرلیا جائے گا۔ ترجمان محمد اسماعیل نے بتایا کہ سی پی او فیصل آباد علی ناصر رضوی واقعہ کی اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچے اور ایس پی صدر اظہر کو ملزمان کی فوری گرفتاری کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 28

ڈاک ٹکٹوں اور سکے کے ڈیزائن کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آئینی یادگار کی تعمیر، اسٹیٹ بینک بلڈنگ، اسلام آباد میں اس کے پرانے قومی اسمبلی ہال کو اصل حالت میں بحال کرکہ اسے قومی اثاثہ قرار دینے کی تجویز پیش کی۔ کمیٹی نے پی ٹی اے کے خصوصی پیغامات کے ساتھ ساتھ ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں اعلانیہ مقابلوں کے حوالے سے پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محترمہ مریم اورنگ زیب، وفاقی وزیر برائے اطلاعات و نشریات نے یادگاری تقریب کا احاطہ کرنے کے لیے میڈیا کی حکمت عملی کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ وزارت کے تمام محکموں بشمول پی ٹی وی، ریڈیو پاکستان، ڈی ای ایم پی، پی آئی ڈی، ای پی ونگ، پیمرا نے تقریبات سے متعلق سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گولڈن جوبلی تقریبات کے حوالے سے کچھ خصوصی پروگراموں، دستاویزی فلموں، پوڈ کاسٹوں، نمائشوں، کوئز مقابلوں، مضامین کی اشاعتوں، نیوز سپلیمنٹس وغیرہ کی نشریات کریں گے اور تمام سرگرمیوں کو پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا پر نجی اور عوامی شعبوں کے علاوہ علاقائی چینلز پر خصوصی کوریج دی جائے گی۔ کمیٹی کے کنوینر سینیٹر میاں رضا ربانی اور کمیٹی کے دیگر ممبران نے وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے موثر اور جامع حکمت عملی کی تعریف کی اور اسے وقت کے ساتھ ساتھ مزید جامع بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کمیٹی کو آگاہ کیا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی پرانی بلڈنگ میں پرانے اسمبلی ہال کی بحالی سے متعلق معاملات پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور امید ہے کہ یہ کام چند ماہ میں مکمل کر لیا جائے گا۔ کمیٹی نے مذکورہ ہال کو قومی ورثہ قرار دینے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے یادگاری سکے کے نمونے کے ڈیزائن بھی کمیٹی میں پیش کیے جن میں سے ایک سکے کو کمیٹی نے منظور کیا۔ کمیٹی نے جاری کاموں کے حوالے سے وزیر خزانہ کے موثر ردعمل کو سراہا۔ مزید برآں، اجلاس میں اس بات کا بھی نوٹس لیا گیا کہ تعلیم اور اعلانات سے متعلق ذیلی کمیٹیوں کی رپورٹیں، آئینی یادگار کی تعمیر، تقریب سے متعلق مالیات کے معاملات کا بھی احاطہ کیا جائے۔

بقیہ 29

دیگر مسائل (کا جائزہ لیا اور اس کے مطابق ضروری ہدایات جاری کی گئی.

بقیہ 30

خزانہ، پراجیکٹ ڈائریکٹر صحت کارڈ اسکیم اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع وزیراعلی کو صحت کارڈ اسکیم سے متعلق مختلف امور پر بریفنگ دی گئی۔ نگران وزیراعلی کو بتایا گیا کہ صحت کارڈ اسکیم کے تحت صوبے کے 97 لاکھ خاندان علاج معالجے کی مفت سہولیات سے مستفید ہورہے ہیں، صحت کارڈ اسکیم پر سالانہ 28 ارب روپے لاگت آرہی ہے، صحت کارڈ کے تحت علاج معالجے کی مفت سہولیات نجی اور سرکاری دونوں ہسپتالوں میں فراہم کی جارہی ہیں اور اس مقصد کے لئے نجی و سرکاری سطح پر 1139 ہسپتالوں کو پینل میں شامل کیا گیا ہے۔ اجلاس میں صحت کارڈ اسکیم کے معاملات کو مزید بہتر اور منظم انداز میں چلانے سے متعلق امور پر غوروخوص کیا گیا۔ اجلاس میں شعبہ صحت کے ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ کمیٹی صحت کارڈ اسکیم کے امور کو مزید بہتر انداز میں چلانے اور اس میں موجود خامیوں کو دور کرنے کے لئے قلیل المدتی اور طویل المدتی اقدامات تجویز کرے گی۔ کمیٹی قلیل المدتی اقدامات کے لئے ایسی تجاویز پیش کرے گی جو صرف نگران حکومت کے مینڈیٹ میں ہونگی۔ طویل المدتی اقدامات اگلی حکومت کے لئے بطور تجاویز پیش کیے جائیں گے۔ کمیٹی دیہی علاقوں کے ہسپتالوں میں سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے سے متعلق بھی تجاویز پیش کرے گی۔ اس موقع پر نگران وزیراعلی خیبر پختونخوا محمد اعظم خان نے کہا کہ صحت کارڈ اسکیم عوامی فلاح و بہبود کا ایک اچھا پروگرام ہے، اس پروگرام میں موجود خامیوں کو دور کرکے اسے مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ اس پروگرام کا زیادہ سے زیادہ فائدہ عوام کو پہنچے۔ نگران وزیراعلی نے متعلقہ حکام کو ہسپتالوں کی مرمت کے لئے مختص شدہ فنڈز کے استعمال سے متعلق رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ 31

کرنا چاہیے، عمران خان کو گرفتار کرکے ہر صورت میں پیش کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست رٹ برقرار رکھنے کے لیے ضروری وسائل بروئے کار لائے، تحریک انصاف کوئی سیاسی جماعت نہیں، چند کھلنڈروں کا گروہ ہے۔

بقیہ 32

کوئی جواز نہیں ہے۔ فرخ حبیب کا کہنا تھا کہ امپورٹڈ حکومت خون ریزی سے باز رہے، ہم پرامن ہیں، تصادم نہیں چاہتے۔ خیال رہے کہ خاتون جج کو دھمکانے اور توشہ خانہ کیس میں عدم پیشی پر اسلام آباد کی دو عدالتوں نے عمران خان کے علیحدہ علیحدہ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ عمران خان طلبی کے باوجود سکیورٹی خدشات پر عدالت پیش نہ ہوئے تاہم انہوں نے لاہور میں پی ٹی آئی ریلی کی قیادت کی۔ توشہ خانہ کیس میں عدم پیشی پر سیشن عدالت نے عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کر کے 18 مارچ کو پیش کرنے کا حکم دے رکھا ہے۔

بقیہ 33

اجبکہ 11 کی حالت تشویشناک ہے۔

بقیہ 34

۔ مریم نواز نے مزید کہا کہ زمان پارک کے گیدڑ کو دیکھ لو جو عورتوں بچوں کو ڈھال بنائے ہوئے ہے، ایک گیدڑ زمان پارک سے عدالت جانے سے ڈرتا ہے، یہ پولیس اور رینجرز اہلکاروں کے نہیں عدالت اور ججوں کے سر پھاڑ رہا ہے، ملک کے ٹکڑے کرنے کی باتیں کرنے والا عدالتی احکامات کے ٹکڑے ٹکڑے کررہا ہے۔

بقیہ 35

سنٹر اور ادویات کا ریکارڈ چیک کیا انہوں نے مریضوں سے علاج ومعالجہ کی سہولت کے متعلق دریافت کیا۔

بقیہ 36

طیارے ایک منٹ کے اندر مار گرائے جن میں چار تین سیکنڈ کے اندر مار گرائے تھے یہ ایک عالمی ریکارڈ تھا اس جنگ کے دوران ایم ایم عالم نے مجموعی طور پر دشمن کے نو طیارے مار گرائے اور دو طیاروں کو نقصان پہنچایا اس کارنامے پر انہیں دو مرتبہ ستارہ جرات کا اعزاز عطا کیا گیا ایم ایم عالم 18 مارچ 2013 کو کراچی میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 37

کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی قطعی برداشت نہیں کی جائے گی، راولپنڈی پولیس شہریوں کے تحفظ، خدمات کی فراہمی اور بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے۔

بقیہ 38

عدالت کا حکم پامال کررہا ہے، کارکنوں کو شیلڈ بنا کر اپنے گھر میں مورچہ زن ہے۔ اپنے کارکنوں سے قومی اداروں کو گالیاں نکلوا رہا ہے۔ فارن فنڈنگ عمران کے ذریعہ انارکی پھیلا کر رنگ لارہی ہے

بقیہ 39

سے پی ایچ اے کی کاوشوں کو سراہا، کمشنر سرگودھا اور دیگر مہمانان گرامی کی فیسٹیول میں آمد پنجاب کی روایتی سواری بگھی پر ہوئی اور انہیں یوم ثقافت پنجاب کے حوالہ سے شملے والی پگ بھی پہنائی گئی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کمشنر سرگودھا محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ پنجابی ثقافت دنیا کی تاریخ میں سب سے قدیم ترین ثقافتوں میں شمار ہوتی ہے، بلاشبہ ثقافتی، تاریخی، مذہبی و جغرافیائی طور پر پنجاب اپنے اندر خاص کشش رکھتا ہے، پی ایچ اے سرگودھا نے یوم ثقافت پنجاب کے موقع پر فلورا فیسٹیول کا انعقاد کرکے اہل سرگودھا کو یادگار تحفہ دیا، انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر سرگودھا کے چاروں اضلاع میں پنجاب کلچر ڈے بھرپور طریقہ سے منایا جارہا ہے اور سرگودھا، خوشاب، بھکر اور میانوالی میں تمام سرکاری، نیم سرکاری اور غیر سرکاری ادارے، تنظیمیں اس عظیم خطہ کے باسیوں کو ان کی تاریخی علاقائی ثقافت سے روشناس کروانے کے لئے بھرپور انداز میں مصروف عمل ہیں، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آر پی او شارق کامل صدیقی نے کہا کہ تہذیب و ثقافت کو انسانی زندگی کا بنیادی اصول سمجھا جاتا ہے

بقیہ 40

آڈیو میں یاسمین راشد اعجاز شاہ کو کہتی ہیں کہ عمران خان نے کہا ہے تمام ایم پی ایز اور ایم این ایز کو فون کروو وہ بندے لے کر زمان پارک پہنچیں۔ یاسمین راشد نے کہا کہ عمران خان نے کہا ہے میری طرف سے پیغام دے دو جو نہیں پہنچے گا اسے ٹکٹ نہیں ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ بات عمران خان نے مجھ سے براہ راست کی ہے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونیکے بعد پولیس گزشتہ روز سے زمان پارک پر موجود ہے جہاں اسے پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا ہے اور لاہور میں زمان پارک کے باہر پاکستان تحریک انصاف اور پولیس کے درمیان کشیدگی کا ماحول بنا ہوا ہے، جہاں پی ٹی آئی چیئرمین کی گرفتاری کے معاملے پر پی ٹی آئی اور پولیس آمنے سامنے ہیں، صبح ایک بار پھر پی ٹی آئی اور پولیس اہلکاروں میں تصادم ہوا اور پولیس نے مظاہرین پر شیلنگ کی، پولیس آپریشن کو 18 گھنٹے گزر چکے ہیں، تین اضلاع کی پولیس آپریشن میں حصہ لے رہی ہے، جب کہ رینجرز کے دستے بھی موجود ہیں۔ گذشتہ روز اسلام آباد پولیس، پنجاب پولیس تحریک انصاف کے کارکنوں کو پسپا کرنے میں ناکام ہوئی تو پنجاب رینجرز کو طلب کیا گیا، تاہم اس کے باوجود عمران خان کی گرفتاری اب ناممکن لگ رہی ہے۔ پولیس کی جانب سے تقریباً 500 کے قریب آنسو گیس شیل فائر کیے گئے، لاٹھی چارج کیا گیا، واٹر کینن استعمال کی گئی، فورسز نے بھرپور قوت کا استعمال کیا لیکن تحریک انصاف کے کارکن بالکل پسپا نہیں ہوئے۔ کارکنوں نے شدید لاٹھی چارج، واٹر کینن اور آنسو گیس شیلنگ کے باوجود پولیس کو زمان پارک سے آدھا کلو میٹر دور کینال روڈ پر دھکیل دیا تھا۔

بقیہ 41

وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونیکے بعد پولیس گزشتہ روز سے زمان پارک پر موجود ہے جہاں اسے پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا ہے اور لاہور میں زمان پارک کے باہر پاکستان تحریک انصاف اور پولیس کے درمیان کشیدگی کا ماحول بنا ہوا ہے، جہاں پی ٹی آئی چیئرمین کی گرفتاری کے معاملے پر پی ٹی آئی اور پولیس آمنے سامنے ہیں، صبح ایک بار پھر پی ٹی آئی اور پولیس اہلکاروں میں تصادم ہوا اور پولیس نے مظاہرین پر شیلنگ کی، پولیس آپریشن کو 18 گھنٹے گزر چکے ہیں، تین اضلاع کی پولیس آپریشن میں حصہ لے رہی ہے، جب کہ رینجرز کے دستے بھی موجود ہیں۔ گذشتہ روز اسلام آباد پولیس، پنجاب پولیس تحریک انصاف کے کارکنوں کو پسپا کرنے میں ناکام ہوئی تو پنجاب رینجرز کو طلب کیا گیا، تاہم اس کے باوجود عمران خان کی گرفتاری اب ناممکن لگ رہی ہے۔ پولیس کی جانب سے تقریباً 500 کے قریب آنسو گیس شیل فائر کیے گئے، لاٹھی چارج کیا گیا، واٹر کینن استعمال کی گئی، فورسز نے بھرپور قوت کا استعمال کیا لیکن تحریک انصاف کے کارکن بالکل پسپا نہیں ہوئے۔ کارکنوں نے شدید لاٹھی چارج، واٹر کینن اور آنسو گیس شیلنگ کے باوجود پولیس کو زمان پارک سے آدھا کلومیٹر دور کینال روڈ پر دھکیل دیا تھا۔

بقیہ 42

ہے۔ تحریک انصاف کے مرکزی صدر چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ نواز شریف، مریم نواز اور رانا ثنا اللہ کو براہ راست ہدایات دے رہے ہیں، نگران وزیر اعلی نے لاقانونیت کی ساری حدیں پار کردی ہیں، وہ رانا ثنااللہ کے ساتھ جلد مجرموں کے کٹہرے میں ہوں گے، ملکی تاریخ میں کبھی کسی رہنما کے گھر پر پولیس فورس نے ایسے وحشیانہ حملہ نہیں کیا۔ چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ عدلیہ نے 18 مارچ کو حاضر ہونے کا کہا، پولیس کس کے کہنے پر چار دن پہلے ہی زمان پارک پر حملہ آور ہوئی، عمران خان کے خلاف)ن (لیگ کی بدنیتی اور مکروہ عزائم بے نقاب ہو چکے ہیں، حکومت عمران خان کے خلاف اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے عدلیہ کا نام استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ زلمے خلیل زاد نے عمران خان کے خلاف پر تشدد کارروائیوں کی مذمت کرکے عالمی برادری میں پی ڈی ایم کی فاشسٹ حکومت کا چہرہ بے نقاب کر دیا ہے، عمران خان کے خلاف پی ڈی ایم حکومت کے فاشسٹ ہتھکنڈوں کو پوری دنیا کے سامنے لائیں گے۔

بقیہ 43

خلاف مقدمات درج کرلیے گئے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 44

بجے لاہور میں خالد مسجد کیولری گراؤنڈ میں ادا کی جائے گی، والدہ کے انتقال پر مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شوکت ترین کے ساتھ اظہار افسوس کیا ہے۔ شوکت ترین سال 2008ء سے 2010ء تک پاکستان پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں بھی وفاقی وزیر خزانہ رہے ہیں، دسمبر 2021ء میں شوکت ترین پی ٹی آئی حکومت میں ایک مرتبہ پھر وفاقی وزیرخزانہ بنے تھے۔

بقیہ 45

ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ علاقوں میں اس طرح کی آرگنائزیشنز ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی تعلیم انتہائی ضروری ہے خواتین پڑھیں گی تو نئی نسل کو تعلیم سے آراستہ کریں گی، یہاں سے ہزاروں بچوں کے لیے تعلیم کے دروازے کھل رہے ہیں، سٹریٹ چلڈرنز کو بھی تعلیم دینی چاہیے، اس کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے ملک میں اب بھی تعلیم کی شرح بہت کم ہے، عمارت سے تعلیم حاصل نہیں ہوسکتی ٹیچرز اچھے اور محنتی ہونے چاہئیں۔ خاتون اول نے کہا کہ راشد میموریل کو مزید دیہی علاقوں تک وسعت دینی چاہیے، خواتین کو تعلیمی اور مالی لحاظ پر خود مختار ہونا چاہیے اور انہیں تعلیم کے ساتھ ہنر بھی سکھانے پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیچرز کی تربیت بہت ضروری ہے تاکہ وہ آگے بچوں کو بہتر طور پر پڑھا سکیں، اس کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی عزت بھی بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ راشد میموریل آرگنائزیشن بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں کو صحت کی بہتر سہولیات بھی فراہم کررہی ہے، جس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہ صوابی کے مقامی کمیونٹی کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ وہ راشد میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کا ساتھ دیں۔

بقیہ 46

آن لائن پورٹل بھی جمعرات 16 مارچ کی صبح 9 بجے سے کام شروع کردے گا جس پر سرکاری سکیم کیتحت حج درخواست گزار اپنے کوائف کا اندراج کرسکیں گے تاہم بینکوں میں رقوم اور ضروری دستاویزات جمع کرانیکے بعد ہی ان کی درخواستیں حتمی تصور ہوں گی۔ رواں مجموعی طور پر سرکاری اور پرائیویٹ سکیموں کے تحت 179210 عازمین فریضہ حج ادا کریں گے جس میں نصف تعداد سرکاری سکیم کے تحت اور نصف پرائیویٹ سکیم کیتحت فریضہ حج کی سعادت حاصل کریں گے۔ سرکاری سکیم کیتحت وہ نصف درخواست گزار جو سپانسر شپ سکیم کی سہولت سے استفادہ کریں گے۔ ان کا انتخاب بغیر قرعہ اندازی کے پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ سپانسر شپ سکیم کے تحت کسی بھی درخواست گزار کے لئے مقامی طور پر ڈالر جمع کرانے کی ممانعت ہوگی۔

بقیہ 47

فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 48

کریں، تحریک انصاف آئین و قانون پر عملدرآمد کرنے والی جماعت ہے، یہ حالات بگاڑنے پر تلے ہوئے ہیں، ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ قانون کا راستہ اختیار کرنا ہے۔ شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ خدارا ہوش کے ناخن لو، آپ ملک کو ایسے بحران کی طرف دھکیل رہے ہو جس سے نکلنا مشکل ہوجائے گا، ہم عدالتوں میں آنے کیلئے تیار ہیں، آپ ہمیں سکیورٹی دے دیں، آپ سکیورٹی دینے کیلئے تیار نہیں، آپ نے اپنی انا کا مسئلہ بنایا ہوا ہے، پاکستان اپنی انا پر فوقیت دیں

بقیہ 49

فوری قانونی کاروائی کرکے ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کا حکم دیا، موقعہ سے شواہد اکھٹے کیے گئے ہیں، مقدمہ درج کرکے ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے گا

بقیہ 50

میڈیکل مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، جس کے لیے انچارج ویلفیئر برانچ پٹرولنگ پولیس محمد عمران کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی سپرینٹنڈنٹ آف پولیس محمد عرفان الحق سلہریا اور ڈاکٹر رومان آشر میاں صدیق ہارٹ اینڈ کمپلیکس ڈسکہ نے معاہدہ پر دستخط کیے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر سیالکوٹ پنجاب ہائی وے پٹرول نے انسانی ہمدردی کے اس جذبہ کو سراہا اور ہسپتال انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 51

یز، ڈائریکٹرز، فیکلٹی ممبران، والدین اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 52

مسلم برادریوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا جو نفرت انگیز تقاریر، امتیازی سلوک اور تشدد کا شکار ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ اسلاموفوبیا کا مقابلہ کرنے اور مختلف عقائد اور مذہب کے درمیان افہام و تفہیم اور باہمی احترام کو فروغ دینے کے لیے موثر اقدامات اٹھانے کے لیے کردار ادا کریں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اقوام متحدہ نے 10 مارچ 2023 کو اسلاموفوبیا سے نمٹنے کا پہلا عالمی دن منایا، جس کا اہتمام پاکستان کے تعاون سے جنرل اسمبلی ہال میں ایک خصوصی تقریب کے ساتھ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان رواداری، پرامن بقائے باہمی اور باہمی احترام کے اصولوں پر پختہ یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ یہ دن دنیا کو نفرت اور تعصب سے پاک کرنے کی جانب ایک اہم پیشرفت ثابت ہوگا۔

بقیہ 53

،توڑ پھوڑ، پولیس پر حملہ اور شاہراہوں کو بند کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، قانون کی بالادستی اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔

بقیہ 54

پارک میں کارکنان سے ملنے باہر آگئے۔ اس حوالے سے ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس میں عمران خان اپنے گھر کے باہر موجود ہیں۔ عمران خان نے گذشتہ کئی گھنٹوں سے موجود کارکنان سے ملاقات کی۔ ذرائع کے مطابق عمران خان نے مزاحمت کرانے والے کارکنان کو شاباش دی اور آئندہ کی حکمت عملی بھی بتائی۔ عمران خان نے اس موقع پر ماسک بھی لگا رکھا ہے۔ سابق وزیراعظم اور چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے بعد پولیس گزشتہ روز سے زمان پارک پر موجود ہے جہاں اسے پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا ہے اور لاہور میں زمان پارک کے باہر پاکستان تحریک انصاف اور پولیس کے درمیان کشیدگی کا ماحول بنا ہوا ہے، جہاں پی ٹی آئی چیئرمین کی گرفتاری کے معاملے پر پی ٹی آئی اور پولیس آمنے سامنے ہیں، صبح ایک بار پھر پی ٹی آئی اور پولیس اہلکاروں میں تصادم ہوا اور پولیس نے مظاہرین پر شیلنگ کی، پولیس آپریشن کو 18 گھنٹے گزر چکے ہیں، تین اضلاع کی پولیس آپریشن میں حصہ لے رہی ہے، جب کہ رینجرز کے دستے بھی موجود ہیں۔ گذشتہ روز اسلام آباد پولیس، پنجاب پولیس تحریک انصاف کے کارکنوں کو پسپا کرنے میں ناکام ہوئی تو پنجاب رینجرز کو طلب کیا گیا، تاہم اس کے باوجود عمران خان کی گرفتاری اب ناممکن لگ رہی ہے۔ پولیس کی جانب سے تقریباً 500 کے قریب آنسو گیس شیل فائر کیے گئے، لاٹھی چارج کیا گیا، واٹر کینن استعمال کی گئی، فورسز نے بھرپور قوت کا استعمال کیا لیکن تحریک انصاف کے کارکن بالکل پسپا نہیں ہوئے۔ کارکنوں نے شدید لاٹھی چارج، واٹر کینن اور آنسو گیس شیلنگ کے باوجود پولیس کو زمان پارک سے آدھا کلومیٹر دور کینال روڈ پر دھکیل دیا تھا۔

بقیہ 55

آسانیاں پیدا کرنا شامل تھا۔ ضم اضلاع کو بیس سال کیلئے ہر قسم کے ٹیکس سے چھوٹ دیا جائے۔ این ایف سی ایوارڈ میں متعین شدہ تین فیصد حصہ فوری طور پر دیا جائے، مسمار سکولوں کی فوری تعمیر، برطرف خاصہ داروں کی بحالی سمیت ملاکنڈ طرز پر نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کو اجازت جیسے نقاط شامل ہیں۔

بقیہ 56

برآمد کیا گیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی

بقیہ 57

، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم اسد سے 01 کلو 200 گرام چرس، آراے بازار پولیس نے ملزم جوہر علی سے 07 لیٹر شراب، زیبرا یوب سے 08 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم طارق سے 08 لیٹر شراب، کلرسیداں پولیس نے ملزم ولایت سے 05 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 58

لوگوں نے پہنچ کر سرتوڑ کوششوں کے بعد چاروں افراد کی لاشوں کو گٹر سے نکال کر ورثا کے حوالے کردیا۔

بقیہ 59

والے نقصانات پر متاثرہ عمارتوں کی ازسرنو تعمیر و مرمت کے کاموں کا آغاز کردیا۔ اس سلسلے میں جماعت اسلامی کے ڈسٹرکٹ پبلک ایڈ کمیٹی کے چیئرمین محمد یاسین گجر نے بتایا کہ ڈگری میں شدید متاثرہ ہونیوالی، 50 سے زائد عمارتوں جن میں گھر مساجد مدارس اور اسکولز شامل ہیں۔ مکمل سروے کے بعد الخدمت فاؤنڈیشن نے انکی تعمیر ومرمت کیکاموں کا آغاز کردیا ہے۔ جوان شاءاللہ رواں ماہ میں ہی مکمل کرلیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن زندگی کے ہر میدان میں فلاحی و رفاہی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ جبکہ اس سیقبل ڈگری اور اس کے آس پاس ان علاقوں و دیہات جہاں پینے کے پانی کی قلت کا مسئلہ پیدا ہوگیا تھا۔ وہاں ہیڈ پمپ بھی لگائے جارہے ہیں۔ جبکہ ماہ رمضان بھی شروع ہونیوالا ہے اس مقدس ماہ میں بھی الخدمت فاؤنڈیشن مستحق افراد کی مدد کرےگی۔

بقیہ 60

فائنل میچ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک کا سرمایہ ہوتا ہے۔ مگر بد قسمتی سے ہمارا یہ سرمایہ ضائع ہورہا ہے۔ ہمارے نوجوان نسل نشے کا شکار ہوئے ہیں۔ اسلئے ضروری ہے کہ ہم اپنی نوجوان نسل کو منفی سرگرمیوں کی بجائے مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کریں۔ کھیلوں کے حوالے سے یہ مٹی بہت زرخیز ہے۔ اس مٹی نے بہت سے انٹرنیشنل کھلاڑی پیدا کئے ہیں۔ جس نے ملک و قوم کا نام روشن کیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ نثار لالا۔ ملک زیشان۔ ناظم احتشام آفریدی نے آرگنائز کیا تھا جس میں 16 علاقائی ٹیموں نے حصہ لیا تھا۔ جس میں الحرم یونائیٹڈ اور خیبر گرین فائنل میں پہنچ گئے تھے۔ فائنل آج الحرم گراؤنڈ میں کھیلا گیا جس میں دونوں ٹیموں نے زبردست کھیل پیش کیا۔ اس موقع پر کثیر تعداد میں شائقین فٹ بال موجود تھے جنہوں نے بہترین کھیل پیش کرنے پر دونوں ٹیموں کو خوب داد دی۔ پہلا گول الحرم یونائٹڈ نے کیا۔ جبکہ مخالف خیبر گرین کو بھی گول کرنے میں کامیاب نہ ہوسکی اس طرح الحرم ٹیم فائنل میچ جیتنے میں کامیاب ہوگئے۔ آخر میں قاضی مومین آفریدی۔ اعجاز آفریدی اور خان ولی آفریدی ۔شاکر آفریدی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے

بقیہ 61

فائنل میچ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک کا سرمایہ ہوتا ہے۔ مگر بد قسمتی سے ہمارا یہ سرمایہ ضائع ہورہا ہے۔ ہمارے نوجوان نسل نشے کا شکار ہوئے ہیں۔ اسلئے ضروری ہے کہ ہم اپنی نوجوان نسل کو منفی سرگرمیوں کی بجائے مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کریں۔ کھیلوں کے حوالے سے یہ مٹی بہت زرخیز ہے۔ اس مٹی نے بہت سے انٹرنیشنل کھلاڑی پیدا کئے ہیں۔ جس نے ملک و قوم کا نام روشن کیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ نثار لالا۔ ملک زیشان۔ ناظم احتشام آفریدی نے آرگنائز کیا تھا جس میں 16 علاقائی ٹیموں نے حصہ لیا تھا۔ جس میں الحرم یونائیٹڈ اور خیبر گرین فائنل میں پہنچ گئے تھے۔

بقیہ 62

لوگوں کے لیے آسانی پیدا ہو موجودہ حالات میں مہنگائی کا ایسا طوفان برپا ہے کہ اشیاء خوردنوش عوام کی پہنچ سے دور ہو چکی ہیں تاجر بھی اشیاء خوردنوش کا ریٹ ڈبل کرنے کے بجائے عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کرکے دلی سکون اور اللہ تعالی کی خوشنودی حاصل کریں ماہ رمضان قسمت والوں کو نصیب ہوتا ہے

بقیہ 63

60 سالہ رشیداں اور اسکی 23 سالہ بیٹی رابعہ کو سوتے میں گلا دبا کر قتل کیا گیا، مقتولہ رابعہ اپنی والدہ سے ملنے کیلئے آئی ہوئی تھی، نامعلوم افراد نے رات کے وقت گھر میں گھس کر دونوں کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے، فوری طور پر قتل کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی

بقیہ 64

سروے، سائٹ وزٹ اور پائلٹ پروجیکٹ کے لیے ہر مکمل تعاون کرنے کیلئے ہدایات جاری کی۔

بقیہ 65

نادار کے نمائندوں کے ہمراہ سب ڈویژن شونٹر کے بالائی علاقوں پکورہ، میکیال، نوگام اور گدئی میں جاری قومی خانہ ومردم شماری مہم کا جائزہ لینے کے حوالے سے دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف بلاک میں مقررہ شمار کنندگان سے جاری مہم کے حوالے سے دریافت کیا۔

زمان پارک کا گیدڑ عورتوں بچوں کو ڈھال بنائے بیٹھا ہے مریم نواز

سازشی کرداروں سے مکمل نجات نہیں ملی، ووٹ کی عزت کے لئے ترازو کے پلڑے برابر کرنے کی فیصلہ کن جدوجہد جاری ہے

نواز شریف شیر لیڈر ہے جو کارکنوں کی ڈھال بنا تھا، نواز شریف جھوٹے مقدمات میں اپنی بیٹی کے ساتھ لندن سے جیل چلا گیا، یہ ہوتی ہے بہادری

لاہور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر اور چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ زمان پارک کا گیدڑ عورتوں بچوں کو ڈھال بنائے بیٹھا ہے۔ مریم نواز شریف کی زیر صدارت لاہور ڈویژن کا اجلاس ہوا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ الیکشن لڑیں گے اور جیتیں گے، سلیکشن پہلے قبول کی نہ آئندہ ہونے دیں گے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ سازشی کرداروں سے مکمل نجات نہیں ملی، ووٹ کی عزت کے لئے ترازو کے پلڑے برابر کرنے کی فیصلہ کن جدوجہد جاری ہے، ترازو برابر ہوگا تو انصاف کی فتح ہوگی، آر ٹی ایس کی جگہ بابا رحمت کے چیلوں نے لے لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف شیر لیڈر ہے جو کارکنوں کی ڈھال بنا تھا، نواز شریف جھوٹے مقدمات میں اپنی بیٹی کے ساتھ لندن سے جیل چلا گیا، یہ ہوتی ہے بہادری (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد: ہم نے عمران خان جیسے فتنوں سے پاکستان کو محفوظ کرنا ہے: مولانا فضل الرحمان

عمران خان نے ریاستی رٹ کے حوالے سے باغیانہ روش اختیار کی ہے فضل الرحمان

چیئرمین پی ٹی آئی کے طرز عمل سے ریاستی رٹ کمزور ہونے کا احتمال ہے، عمران خان نے ملک کو کمزور کرنے کا کلچر اپنایا

عمران خان ملک مخالف ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، دیکھنا ہوگا کہ کون سی ایسی طاقتیں ہیں جو عمران خان فتنے کو تحفظ دے رہی ہیں

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ اور پی ڈی ایم کے صدر مولانا فضل الرحمان نے عمران خان کو قانون کا احترام کرتے ہوئے گرفتاری دینے کا مشورہ دیتے ہوئے کہ انہوں نے ریاستی رٹ کے حوالے سے باغیانہ روش اختیار کر رکھی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کے طرز عمل سے ریاستی رٹ کمزور ہونے کا احتمال ہے، عمران خان نے ملک کو کمزور کرنے کا کلچر اپنایا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بار بار کہہ چکے ہیں کہ عمران خان ملک مخالف ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، دیکھنا ہوگا کہ کون سی ایسی طاقتیں ہیں جو عمران خان فتنے کو تحفظ دے رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ قانون کی نظر میں سب برابر ہیں، کسی کو کوئی استثنیٰ نہیں، کارکنوں کو ڈھال بنانے کے بجائے عمران کو مقدموں کا سامنا (بقیہ نمبر 31)

لاہور: سکیورٹی انتظامات نہ کیے گئے تو انتخابات کا انعقاد ممکن نہیں ہوگا: الیکشن کمشنر پنجاب

عمران خان کی 18 مارچ کو عدالت میں پیش ہونے کی تحریری یقین دہانی

ہم پرامن ہیں، تصادم نہیں چاہتے' مرکزی رہنما پاکستان تحریک انصاف

پولیس کے پاس کارروائی کا کوئی جواز نہیں امپورٹڈ حکومت خون ریزی سے باز رہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما فرخ حبیب نے کہا ہے کہ عمران خان نے 18 مارچ کو عدالت میں پیش ہونے کی تحریری یقین دہانی کرادی ہے۔ فرخ حبیب نے سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے بتایا کہ 18 مارچ کو عدالت میں پیش ہونے کی شورٹی انڈر ٹیکنگ لاہور ہائی کورٹ بار کے صدر اشتیاق اے خان کے حوالے کر دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شورٹی انڈر ٹیکنگ کوڈ آف کرمنل پروسیجر سیکشن 76 کے تحت دی گئی، اس کے بعد پولیس کے پاس کارروائی کا (بقیہ نمبر 32)

ملک بھر میں کورونا وائرس کے 85 کیس رپورٹ

ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 5 ہزار 286 کورونا ٹیسٹ کیے گئے

11 کی حالت تشویشناک، جن میں سے 85 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے 85 کیس رپورٹ ہوئے ہیں جن میں سے 11 کی حالت تشویش ناک ہے۔ بدھ کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 5 ہزار 286 کورونا ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 85 افراد کے ٹیسٹ مثبت آئے جس کے باعث کورونا ٹیسٹ کی مثبت شرح 1.61 فیصد رہی اور اس دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہو (بقیہ نمبر 33)

لاہور: ڈی جی رینجرز میجر جنرل محمد قدانی کا ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ، زخمی جوانوں کی عیادت کی

مریضوں کو بہترین علاج و معالجہ کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے، سی او ہیلتھ

سرکاری ہسپتال میں مریضوں کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ڈاکٹر سہیل اصغر

عارف والا (نیوز رپورٹر) سی او ہیلتھ ڈاکٹر سہیل اصغر نے کہا کہ سرکاری ہسپتال میں مریضوں کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے مریضوں کو بہترین علاج و معالجہ کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے پیرا میڈیکل اسٹاف اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے سرانجام دیتے رہیں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال عارفوالا کے سرپرائز وزٹ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں ان ے ایمرجنسی وارڈ، گائنی وارڈ، ڈینگی وارڈ، ڈائلسز (بقیہ نمبر 35)

پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کا 10 واں یوم پیدائش 18 مارچ کو منایا جائے گا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کا 10 واں یوم پیدائش 18 مارچ کو منایا جائے گا وہ 6 جولائی 1935 کو کلکتہ میں پیدا ہوئے انکا اصل نام محمد محمود عالم تھا ایم ایم عالم 1952 میں پاکستان ایئر فورس میں شامل ہوئے 1965 کی پاک بھارت جنگ میں سرگودھا کے محاذ پر ایک ڈاگ فائٹ کے دوران پانچ انڈین ہنٹر جنگی (بقیہ نمبر 36)

جشن بہاراں کی مناسبت سے پی ایچ اے فلورا فیسٹیول کا آغاز

پنجاب کلچر ڈے کے حوالہ سے خصوصی تقاریب و قوالی نائٹ کا اہتمام

پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کے زیر اہتمام جشن بہاراں کی خصوصی تقریب کا اہتمام کیا گیا

سرگودھا (ظہور حسین بخاری سے) پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کے زیر اہتمام جشن بہاراں کی مناسبت سے پی ایچ اے فلورا فیسٹیول کا آغاز، پنجاب کلچر ڈے کے حوالہ سے خصوصی تقاریب و قوالی نائٹ کا اہتمام، کمشنر سرگودھا محمد اجمل بھٹی تقریب کے مہمان خصوصی تھے، تقریب میں آر پی او شارق کمال صدیقی اور دیگر اہم شخصیات کی خصوصی شرکت، مایہ ناز قوال استاد فرید ایاز، ابو محمد و ہمنوا نے سماں باندھ دیا، تفصیلات کے مطابق پی ایچ اے سرگودھا کے زیر اہتمام ڈی جی توقیر حیدر کاظمی کے احکامات کے مطابق فلورا فیسٹیول 2023 کا آغاز عمل میں آ گیا، کمشنر سرگودھا محمد اجمل بھٹی نے آر پی او شارق کمال صدیقی کے ہمراہ باقاعدہ فیتہ کاٹ کا تقریبات کا افتتاح کیا، اس موقع پر ڈی جی ایس ڈی اے افتخار احمد، ڈائریکٹر پی ایچ اے فاروق حیدر عزیز، ڈپٹی ڈائریکٹر شفیق نیازی اے ڈی علی حسن و دیگر موجود تھے، کمشنر سرگودھا اور دیگر مہمانوں نے فیسٹیول کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی جائزہ لیا اور فلورا فیسٹیول کے انعقاد کے حوالہ (بقیہ نمبر 39)

کوئی متنازعہ بات نہیں کی، یاسمین راشد نے مبینہ آڈیو کی تصدیق کر دی

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما یاسمین راشد نے مبینہ آڈیو کی تصدیق کر دی۔ آڈیو لیک پر یاسمین راشد نے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ آڈیو میں کوئی متنازعہ بات نہیں کی، میں پارٹی صدر ہوں کیا اپنے لوگوں کو نہیں بلاؤں گی۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے مزید کہا کہ 23 گھنٹے ہو گئے ہیں، ہمارے لوگ سڑکوں پر ہیں، ان پر تشدد کیا جا رہا ہے۔ مبینہ (بقیہ نمبر 40)

عمران خان کی گرفتاری میں ناکامی پر وزیر دفاع خواجہ آصف کا اہم بیان

پولیس صبر سے کام لے رہی ہے کہ جان نقصان نہ ہو ورنہ گرفتاری مشکل نہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف کا زمان پارک میں پیدا ہونے والی کشیدگی پر ردعمل سامنے آیا ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ پولیس صبر سے کام لے رہی ہے کہ جان نقصان نہ ہو ورنہ گرفتاری مشکل نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کی خواہش ہے جانی نقصان ہوتا کہ وہ لاشوں پر سیاست کرے۔ عزت آبرو والا شخص ہو تو جرات کرے باہر نکلے اور گرفتار ہو۔ ہمت اور دلیری نواز شریف سے ادھار مانگ لے جو لندن سے گرفتاری دینے آ گیا تھا۔ خیال رہے کہ سابق (بقیہ نمبر 41)

رانا ثنا اللہ کی اعلانیہ دھمکیاں عمران خان کی زندگی کو سخت خطرہ ہے پرویز الٰہی

زمان پارک میں خون کی ہولی کھیل رہے ہیں، عمران خان اس وقت صرف پاکستان کے نہیں بلکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کے رہنما ہیں

نگران حکومت پنجاب میں الیکشن کے خوف سے پاگل ہو چکے ہیں، رانا ثنا اللہ کی اعلانیہ دھمکیوں سے عمران خان کی زندگی کو سخت خطرہ ہے

لاہور: رانا ثنا اللہ کی اعلانیہ دھمکیاں، عمران خان کی زندگی کو سخت خطرہ ہے: چودھری پرویز الٰہی

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے ڈنمارک کے اہم سیاسی رہنما چودھری شوکت علی کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی، اس موقع پر چودھری وجاہت حسین اور چودھری موسیٰ الٰہی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ رانا ثنا اللہ اور محسن رضا نقوی زمان پارک میں خون کی ہولی کھیل رہے ہیں، عمران خان اس وقت صرف پاکستان کے نہیں بلکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کے رہنما ہیں، مسلم لیگ (ن) اور نگران حکومت پنجاب میں الیکشن کے خوف سے پاگل ہو چکے ہیں، رانا ثنا اللہ کی اعلانیہ دھمکیوں سے عمران خان کی زندگی کو سخت خطرہ (بقیہ نمبر 42)

پاکستان میں فیصلہ کن مرحلہ آ گیا ہے، عمران نیازی گرفتار نہیں ہوتا تو قانون ہار جائیگا، احسن اقبال

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی و اصلاحات و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے پاکستان میں فیصلہ کن مرحلہ آ گیا ہے، کیا آئین، قانون اور عدالت صرف کمزور کے لئے ہوگی اور جس کے پاس جتھے ہونگے وہ ان سے بالاتر ہوگا اپنے ٹویٹ میں کہا کہ عمران نیازی گرفتار نہیں ہوتا تو قانون ہار جائیگا اور فاشزم جیت جائے گا۔ پاکستان ایک نئے ہٹلر کا متحمل نہیں ہو سکتا، پوری دنیا دیکھ رہی ہے کہ کس طرح ایک انا پرست شخص عمران نیازی نے نظام عدل کو یرغمال بنایا ہوا ہے (بقیہ نمبر 38)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے گا، زنیرہ اظفر

شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایات دیں، راولپنڈی پولیس شہریوں کے تحفظ، خدمات کی فراہمی اور بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات اٹھا رہی ہے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹی گیشن زنیرہ اظفر کا کہنا تھا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے گا، اس حوالے سے (بقیہ نمبر 37)

حج 2023 کے لئے سرکاری سکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی کا عمل (آج) سے شروع ہوگا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وزارت مذہبی امور حج 2023 کے لئے سرکاری سکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی کا عمل آج (جمعرات سے) سے شروع کرے گی، اس سلسلہ میں 14 قومی بینکوں کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ زیڈ ٹی بی ایل کے علاوہ باقی 13 بینکوں میں وزارت مذہبی امور نے فارن کرنسی اکاؤنٹس کھول دیئے ہیں۔ وزارت کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اس سلسلہ وزارت مذہبی امور کا (بقیہ نمبر 46)

خواتین کی تعلیم انتہائی ضروری ہے خواتین پڑھیں گی تو نئی نسل کو تعلیم سے آراستہ کریں گی، ثمینہ عارف علوی

پشاور (سٹی رپورٹر) خاتون اول ثمینہ عارف علوی نے کہا ہے کہ خواتین کی تعلیم انتہائی ضروری ہے خواتین پڑھیں گی تو نئی نسل کو تعلیم سے آراستہ کریں گی، ملک میں تعلیم کی شرح بہت کم ہے، عمارت سے تعلیم حاصل نہیں ہو سکتی ٹیچرز اچھے اور محنتی ہونے چاہئیں۔ خاتون اول ثمینہ عارف علوی نے یہ بات بدھ کو صوابی میں راشد میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 45)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں

04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم رشید سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نصیر آباد پولیس نے ملزم حسنین سے 01 پستول 09 ایم ایم معہ ایمونیشن، واہ کینٹ پولیس نے ملزم طلحہ سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم علی حیدر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ ہوائی (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: سی پیک کی مشترکہ تعمیر کے موضوع پر پاک چین ورچوئل سیمینار

کھلے عام پیٹرول کی فروخت کرنے والے 02 ملزمان گرفتار

پیٹرول اور دیگر متعلقہ آلات برآمد، مقدمات درج، رتہ امرال پولیس

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) رتہ امرال پولیس کی کارروائی، کھلے عام پیٹرول کی فروخت کرنے والے 02 ملزمان گرفتار، کھلا پیٹرول اور دیگر متعلقہ آلات برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کھلے عام پیٹرول کی فروخت کرنے والے 02 ملزمان عثمان اور عرفان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے کھلا پیٹرول اور دیگر متعلقہ آلات برآمد کر کے ملزمان کے (بقیہ نمبر 43)

سابق وزیر خزانہ شوکت ترین کی والدہ انتقال کر گئیں

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی حکومت میں وزیر خزانہ رہنے والے شوکت ترین کی والدہ انتقال کر گئیں۔ سینیٹر شوکت ترین کی والدہ کی نماز جنازہ 16 مارچ کو صبح 11 (بقیہ نمبر 44)

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا

والے 38 طلبہ کو گولڈ میڈل، 118 طلبہ کو سلور اور 28 طلبہ کو براؤنز میڈل سے نوازا گیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان اکیڈمی آف سائنسز کے صدر ڈاکٹر خالد محمود، بین الاقوامی ڈی ایٹ تنظیم کے سیکرٹری جنرل عیسیا کا عبدالقادر امام، وی سی چولستان ویٹرنری یونیورسٹی ڈاکٹر محمد سجاد، وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی ڈاکٹر اقرار احمد، وائس چانسلر ویمن یونیورسٹی ڈاکٹر روبینہ فاروق و دیگر مہمانوں نے طلبہ میں میڈلز تقسیم کئے۔ اعلیٰ کارکردگی دکھانے والے 38 طلبہ کو گولڈ میڈل، 118 طلبہ کو سلور اور 28 طلبہ کو براؤنز میڈل سے نوازا گیا۔ کانووکیشن میں 226 طلبہ میں پی ایچ ڈی کی ڈگریاں تقسیم کی گئیں۔ سال 2019 اور 2020 میں فارغ التحصیل 17 ہزار 578 طلبہ کو ڈگریاں جاری کی گئیں۔ طلبہ نے ڈگریاں ملنے پر ملکی تعمیر و ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کا عزم ظاہر کیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے کانووکیشن خطاب میں ڈگریاں اور میڈل حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارکباد دی۔ کانووکیشن میں کنٹرولر امتحانات انعام قادر، ڈ (بقیہ نمبر 51)

سیاسی جماعت کے احتجاج کا معاملہ، پولیس نے 23 مزید افراد کو گرفتار کر لیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سیاسی جماعت کے احتجاج کا معاملہ، پولیس نے 23 مزید افراد کو گرفتار کر لیا، گرفتار افراد کی تعداد 51 ہو گئی، گرفتار افراد کو 03 ایم پی او کے تحت جیل بھجوایا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیاسی جماعت کے احتجاج کے معاملے پر پولیس نے 23 مزید افراد کو گرفتار کر لیا، گرفتار افراد کی تعداد 51 ہو گئی، گرفتار افراد کو 03 ایم پی او کے تحت جیل بھجوایا جا رہا ہے، گرفتار افراد 15 یوم کے لئے جیل میں رہیں گے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ احتجاج کے نام پر قانون شکنی (بقیہ نمبر 53)

لیہ: حلقہ پی پی 280 لیہ امیدوار تحریک انصاف چوہدری اطہر مقبول نے کاغذات نامزدگی، حاجی عبدالمجید خان کی ریلی میں شرکت اہل علاقہ کی بھرپور شرکت

ہم چاہتے ہیں عدلیہ مدد کرے درمیانی راستہ نکالا جائے شاہ محمود قریشی

شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ خدارا ہوش کے ناخن لو، آپ ملک کو ایسے بحران کی طرف دھکیل رہے ہو جس سے نکلنا مشکل ہو جائے گا

ہم عدالتوں میں آنے کیلئے تیار ہیں، آپ ہمیں سکیورٹی دے دیں، آپ سکیورٹی دینے کیلئے تیار نہیں، آپ نے اپنی انا کا مسئلہ بنایا ہوا ہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وائس چیئرمین اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ہم اسلام آباد ہائی کورٹ بھی گئے، آج لاہور ہائی کورٹ بھی آئے ہوئے ہیں، ہم چاہتے ہیں عدلیہ مدد کرے اور کوئی درمیانی راستہ نکالا جائے جس سے جانی نقصان کو روکا جائے۔ اپنے ایک بیان میں رہنما پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی نے کہا کہ نگران حکومت پی ڈی ایم کی ایکسٹینشن ہے، دفعہ 144 کا نفاذ بے تکا تھا، آپ لوگوں کو مجبور کر رہے ہیں کہ وہ خلاف ورزی کریں، تحریک انصاف آئین و قانون پر عملدرآمد کرنے والی جماعت ہے، یہ حالات بگاڑنے پر تلے ہوئے ہیں، ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ قانون کا راستہ اختیار کرنا ہے۔ شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ خدارا ہوش کے ناخن لو، آپ ملک کو ایسے بحران کی طرف دھکیل رہے ہو جس سے نکلنا مشکل ہو جائے گا، ہم عدالتوں میں آنے کیلئے تیار ہیں، آپ ہمیں سکیورٹی دے دیں، آپ سکیورٹی دینے کیلئے تیار نہیں، آپ نے اپنی انا کا مسئلہ بنایا ہوا ہے، پاکستان کو اپنی انا پر فوقیت دیں۔ ہم چاہتے ہیں عدلیہ مدد کرے اور کوئی درمیانی راستہ نکالا جائے جس سے جانی نقصان کو روکا جائے۔ اپنے ایک بیان میں رہنما پی ٹی آئی شاہ محمود قریشی نے کہا کہ نگران حکومت پی ڈی ایم کی ایکسٹینشن ہے، دفعہ 144 کا نفاذ بے تکا تھا، آپ لوگوں کو مجبور کر رہے ہیں کہ وہ خلاف ورزی (بقیہ نمبر 48)

اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

بڑھتی ہوئی اسلاموفوبیا عالمی ہم آہنگی اور دنیا کے امن کے لیے بڑا خطرہ ہے

انہوں نے کہا کہ اسلاموفوبیا سے نمٹنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی اسلاموفوبیا عالمی ہم آہنگی اور دنیا کے امن کے لیے بڑا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلاموفوبیا سے نمٹنے کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ اسلاموفوبیا کا بڑھتا ہوا رجحان ایک ایسی لعنت جس سے دنیا بھر میں بسنے والے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم ان لوگوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کریں جن کے ساتھ امتیازی سلوک روا رکھا جاتا ہے اور ان کے مذہب کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام ایک پرامن مذہب اور امن اور بھائی چارے کا درس دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دنیا بھر میں اسلاموفوبیا سے نمٹنے کے منائے جانے والے عالمی دن کے موقع پر اپنے جاری بیان میں کیا۔ سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور ڈپٹی سپیکر زاہد اکرم درانی نے اپنے علیحدہ علیحدہ پیغامات میں کہا کہ ہم رواداری، پرامن بقائے باہمی اور باہمی احترام کے اصولوں پر پختہ یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھائی چارے، رواداری، بین المذاہب ہم آہنگی اور افہام و تفہیم کی اپنی روایات اور تاریخ پر فخر کرتا ہے۔ سپیکر اور ڈپٹی سپیکر نے دنیا بھر میں ان (بقیہ نمبر 52)

PP/280 حلقہ لیہ امیدوار تحریک انصاف چوہدری اطہر مقبول نے کاغذات نامزدگی جمع کروا دیئے

ان کے ہمراہ، ایم این اے حلقہ این اے 181 لیہ حاجی عبدالمجید خان نیازی اور حلقہ کی عوام نے بھرپور شرکت کی

ہم عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے رہیں گے اور حلقہ کی عوام کی بھرپور نمائندگی کریں گے، چوہدری اطہر مقبول

آنے والا وقت انشا اللہ عمران خان کا ہے اور عمران خان کی سربراہی میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا، حاجی عبدالمجید خان

لیہ (رپورٹ کاشف انور) حلقہ پی پی 280 لیہ امیدوار تحریک انصاف چوہدری اطہر مقبول نے آج کاغذات نامزدگی جمع کروائے ان کے ساتھ ایم این اے حلقہ این اے 181 لیہ حاجی عبدالمجید خان نیازی اور حلقہ کی عوام نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر چوہدری اطہر مقبول کا کہنا تھا کہ وہ عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے رہیں گے اور حلقہ کی عوام کی بھرپور نمائندگی کریں گے ایم این اے حاجی عبدالمجید خان نے کہا کہ اس امپورٹڈ حکومت کو گھر بھیج کر دم لیں گے اور آنے والا وقت انشا اللہ عمران خان کا ہے اور عمران خان کی سربراہی میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔

عمران خان مزاحمت کی علامت بننے والے کارکنوں سے ملنے باہر آ گئے

لاہور (جنرل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان زمان (بقیہ نمبر 54)

ڈی ایس پی سیالکوٹ اور صدیق ہارٹ اینڈ میڈیکل کمپلیکس ڈسکہ کے درمیان یادداشت پر دستخط

سیالکوٹ (جنرل رپورٹر) ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سیالکوٹ محمد عرفان الحق سلہریا نے صدیق ہارٹ اینڈ میڈیکل کمپلیکس ڈسکہ کے ساتھ ایم او یو پر دستخط کر دیئے، جس کے تحت پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس کے ملازمین کو ہسپتال میں 50% تک ڈسکاؤنٹ دیا جائے گا۔ اس ایم او یو کے تحت پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس ملازمین کے (بقیہ نمبر 50)

نصیر آباد کے علاقہ میں طالب علموں سے موٹر سائیکل چھیننے کا واقعہ

سی پی او نے فوری قانونی کارروائی کر کے ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کا حکم دیا

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا نوٹس، ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کر لی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد کے علاقہ میں طالب علموں سے موٹر سائیکل چھیننے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کا نوٹس، ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب، فوری قانونی کارروائی کر کے ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کا حکم۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقہ میں طالب علموں سے موٹر سائیکل چھیننے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کر لی، فوری قانونی کارروائی کر کے ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کا حکم دیا، موقعہ سے شواہد اکٹھے کیے گئے ہیں، مقدمہ درج کر کے ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جائے گا۔ ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کر لی، (بقیہ نمبر 49)

بونیر میں گٹر میں گر کر دم گھٹنے سے چار افراد جاں بحق

ایک نوجوان گٹر میں گر گیا تھا جس کو بچاتے ہوئے مزید تین افراد جاں بحق ہوئے

بونیر (جنرل رپورٹر) بونیر کی تحصیل خدو خیل گاؤں چینگلئی میں گٹر میں گر کر دم گھٹنے سے چار افراد جاں بحق ہو گئے۔ چینگلئی بونیر میں 16 سالہ نوجوان گٹر میں گر گیا جس کو بچانے کے لئے نوجوان کا سگا بھائی، دو چچا زاد یکے بعد دیگرے گٹر میں داخل ہوئے۔ تاہم تینوں افراد گٹر کے اندر گیس کی وجہ سے بے ہوش ہو کر جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ جاں بحق افراد کی تعداد چار ہو گئی ہے۔ اطلاع ملتے ہی گاؤں کے (بقیہ نمبر 58)

قبائلی حقوق تحریک کے تناظر میں 19 مارچ کو باڑہ میں خیبر امن جلسہ منعقد ہوگا

19 مارچ کو ہونے والے امن جلسہ میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) قبائلی حقوق تحریک کے تناظر میں 19 مارچ کو باڑہ میں خیبر امن جلسہ منعقد ہو گا۔ امن جلسہ میں ہزاروں کی تعداد میں عوام شرکت کرینگے۔ 19 مارچ کو ہونے والے امن جلسہ میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ جلسہ سے امیر جماعت پاکستان سراج الحق بھی خطاب کرینگے ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کے امیدوار پی کے 67 شاہ جہان آفریدی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تحریک حقوق قبائل نے اپنے آٹھ نکاتی ایجنڈا جاری کر دیا ہے جس میں ضلع خیبر سمیت قبائلی اضلاع میں امن کے قیام کیلئے عملی اقدامات اٹھانے اور قبائلی باشندوں کو روزگار کی فراہمی اور لاپتہ افراد کی بازیابی، علاقے میں غیر ضروری چیک پوسٹوں کا خاتمہ، علاقے میں مسمار گھروں کی قومی شناختی کارڈ کی بنیاد پر سروے اور جن گھروں کی سروے پہلے ہی مکمل ہو چکی ہے ان کے مالکان کو چیکوں کی اجرا کے ساتھ ساتھ پاک افغان بارڈر طورخم پر تجارت کے فروغ کے لئے امدورفت میں (بقیہ نمبر 55)

نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کارروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کارروائی، آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 220 تھیلے آٹا برآمد، ڈرائیور گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی گاڑی سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ڈرائیور حسن خان کو گرفتار کر کے 220 تھیلے آٹا (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، 04 ملزمان گرفتار (بقیہ نمبر 57)

الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرہ عمارتوں کی از سر نو تعمیر و مرمت کے کاموں کا آغاز کر دیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) جماعت اسلامی کے رفاہی ادارے الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے ڈگری شہر اور اس کے آس پاس کے دیہاتوں میں حالیہ بارشوں و سیلاب سے متاثرہ گھروں مساجد مدارس اور اسکولز بلڈنگوں کو پہنچے (بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد: خیبر پختونخوا میں انتخابات کی تیاریوں کیلئے کل ہونے والے اہم اجلاس کی تاریخ تبدیل

چیچہ وطنی، اقبال نگر میں گھر سے بیوہ خاتون اور اسکی شادی شدہ بیٹی کی نعشیں برآمد

60 سالہ رشیداں اور اسکی 23 سالہ بیٹی رابعہ کو سوتے میں گلا دبا کر قتل کیا گیا، پولیس

پولیس نے نعشیں پوسٹمارٹم کیلئے تحصیل ہسپتال منتقل کر کے ملزموں کی تلاش شروع کر دی ہے

چیچہ وطنی (سٹی رپورٹر) چیچہ وطنی کے علاقہ اقبالنگر میں گھر سے بیوہ خاتون اور اسکی شادی شدہ بیٹی کی نعشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق 60 سالہ رشیداں اور اسکی 23 سالہ بیٹی رابعہ کو سوتے میں گلا دبا کر قتل کیا گیا، مقتولہ رابعہ اپنی والدہ سے ملنے کیلئے آئی ہوئی تھی، نامعلوم افراد نے رات کے وقت گھر میں گھس کر دونوں کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے، فوری طور پر قتل کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی، پولیس نے نعشیں پوسٹمارٹم کیلئے تحصیل ہسپتال منتقل کر کے ملزموں کی تلاش شروع کر دی ہے۔ چیچہ وطنی کے علاقہ اقبالنگر میں گھر سے بیوہ خاتون اور اسکی شادی شدہ بیٹی کی نعشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 63)

حکومت آزاد کشمیر ہر شہر گاؤں میں ستا رمضان بازار لگانے کا اہتمام کرے، راجہ رضوان نصیب

کھوئی رٹہ (جنرل رپورٹر) سابق امیدوار اسمبلی و سینئر رہنما مسلم کانفرنس برطانیہ راجہ رضوان نصیب نے کہا کہ ماہ رمضان کی آمد آمد ہے حکومت آزاد کشمیر ہر شہر گاؤں میں ستا رمضان بازار لگانے کا اہتمام کرے تاکہ رمضان میں غریب نادار (بقیہ نمبر 62)

کھیل کھود پرامن معاشرے کی علامت ہوتی ہے

نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں صرف مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) کھیل کھود پرامن معاشرے کی علامت ہوتی ہے۔ جہاں کھیل کے میدان آباد ہو وہاں ہسپتال ویران ہوتے ہیں کھیل کھود کی سرگرمیوں سے دنیا کو ایک مثبت پیغام جاتا ہے۔ پختون نوجوانوں بالخصوص قبائلی نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں صرف مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار آفریدی میڈیکل سنٹر کے سی ای او شاہ جہان آفریدی اور قاضی مومین افریدی امیدوار پی کے 68 نے الحرم یونائٹڈ موٹر سائکل فٹ بال ٹورنامنٹ (بقیہ نمبر 61)

ڈیجیٹل قومی خانہ و مردم شماری کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کا استور کے بالائی علاقوں کا دورہ

استور (نیوز رپورٹر) ملکی تاریخ کی پہلی ڈیجیٹل قومی خانہ و مردم شماری مہم کامیابی کے ساتھ جاری ہے، اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر استور محمد ذوالقرنین خان نے اسسٹنٹ کمشنر شونٹر احسان الحق، ادارہ شماریات کے ضلعی انچارج بلال حسین اور (بقیہ نمبر 65)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت

سائٹ وزٹ اور پائلٹ پروجیکٹ کے لیے ہر مکمل تعاون کرنے کیلئے ہدایات جاری کی

اسلام آباد (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کے زیر نگرانی صفائی اور سالڈ ویسٹ کے حوالے سے جائزہ اجلاس، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے ماہرین کے ساتھ سیکرٹریٹ سب ڈویژن میں مناسب صفائی اور سالڈ ویسٹ کو ٹھکانے لگانے کو یقینی بنانے کے لیے اجلاس منعقد کیا، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے یو سی سیکرٹریز کو (بقیہ نمبر 64)

حیدر آباد: عمران خان نیازی سیاستدان نہیں شدت پسند ہے، شازیہ مری

حکمرانوں کیلئے تحریک انصاف ایک ڈرانا خواب بن چکی ہے شبلی فراز

عمران خان نے ان کی سازش بارے ایک ماہ پہلے ہی بتا دیا تھا، عدالت نے 18 مارچ کو عمران خان کو طلب کیا تھا

یہ بہانے بنا رہے ہیں کہ الیکشن نہیں کروا سکتے، مریم نواز ویڈیو، آڈیو کی ایکسپرٹ ہے، صدر مملکت کی گفتگو ٹیپ ہونا بڑا شرم کا مقام ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ پشاور مسجد میں دہشت گردی کرنے والوں کو یہ آج تک گرفتار نہیں کر سکے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شبلی فراز نے کہا کہ عمران خان نے ان کی سازش بارے ایک ماہ پہلے ہی بتا دیا تھا، عدالت نے 18 مارچ کو عمران خان کو طلب کیا تھا، ان کو پتا ہے یہ عمران خان کو سیاسی طور پر شکست نہیں دے سکتے، زمان پارک پر ایسے حملہ کیا گیا جیسے کشمیر فتح کرنے گئے، یہ اتنے پاگل ہو گئے ہیں جس کی نظیر نہیں ملتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحریک انصاف ان کیلئے ڈرانا خواب بن چکی ہے، یہ ٹولہ غریب لوگوں کا خون چوس رہا ہے، چور اور ان کے سہولت کار ایک طرف، دوسری طرف عوام کھڑے ہو گئے ہیں، وقت آ گیا ہے ملک میں آئین کی عمل داری کو یقینی بنایا جائے، کٹھ پتلی دو نمبر لوگوں کو پنجاب، خیبر پختونخوا حکومت میں شامل کیا گیا۔ شبلی فراز نے کہا کہ تحریک انصاف کے ورکرز چٹان کی طرح عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں، یہ تحریک انصاف (بقیہ نمبر 60)

ایڈیٹر انچیف ـ ـ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ ـ 0309-7900035